بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار

Email: guldastabahar@gmail.com

روزنامہ

# گلدستہ بہار کوئٹہ

ABC Certified

DAILY GULDASTA BAHAR

ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی

جلد نمبر 21 | بروز ہفتہ 10 اکتوبر 2026ء / 27 ربیع الثانی 1448ھ / قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 272

# شواہد موجود ہیں پی ٹی آئی کے پاکستان دشمنوں سے رابطے ہیں، خواجہ آصف

پی ٹی آئی والے ٹی ٹی پی کے ساتھ سیٹ ہیں۔ ہمارا ایک صوبہ ان کا یرغمال بنا ہوا ہے، صوبائی حکومت ان کے ساتھ ملی بھگت میں ہے

**کون سی روایت ہے کہ جب اقتدار میں نہ ہوں تو ملک کے دارالحکومت پر دھاوا بول دو، ہم ایسے گروہ سے ڈیل کر رہے ہیں، جن کی نیتیں ٹھیک نہیں، وزیر دفاع**

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے الزام عائد کیا ہے کہ پی ٹی آئی کے پاکستان دشمنوں سے رابطے ہیں [illegible] پی ٹی آئی والے ٹی ٹی پی کے ساتھ سیٹ ہیں۔ ہمارا ایک صوبہ ان کا یرغمال بنا ہوا ہے [illegible] صوبائی حکومت ان کے ساتھ ملی بھگت میں ہے [illegible] ہم ایسے گروہ سے ڈیل کر رہے ہیں، جن کی نیتیں ٹھیک نہیں [illegible]

## ایران کا یورینیم افزودگی ترک اور افزودہ ذخائر حوالے کرنے سے انکار

**یورینیم کی افزودگی جوہری ڈیل کا ایک لازمی اور ناقابل علیحدہ حصہ ہے، کسی بھی صورت میں ترک نہیں ہوسکتا**

تہران (اے این این) ایران نے یورینیم افزودگی [illegible] (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

# مذاکرات کامیاب نہ ہوئے تو گورنر راج لگے گا، بلاول

سہیل آفریدی عمران خان سے مخلص ہیں تو انتہا پسندی کی سیاست چھوڑ دیں ورنہ خان صاحب جیل کا زرداری کا ریکارڈ بھی توڑ دیں گے

**وزیر اعلیٰ کے پی نے کوئی کسر نہیں چھوڑی، ڈائیلاگ کا راستہ چھوڑ کر منفی سیاست کے راستے پر چل رہا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی**

کراچی (اے این این) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ [illegible] سہیل آفریدی [illegible] گورنر راج [illegible] (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

## سعودی کو دفاع کا حق حاصل، وزیر اعظم کی ایئرپورٹس پر حملوں کی مذمت

**سعودی عرب کے اپنے عوام، شہروں اور اہم تنصیبات کے دفاع کے حق کی پاکستان مکمل حمایت کرتا ہے، وزیر اعظم کا سعودیہ کی سلامتی اور خود مختاری کے تحفظ کے عزم کا اعادہ**

اسلام آباد (اے این این) وزیر اعظم شہباز شریف [illegible] سعودی عرب [illegible] (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف پی ایم قرض اسکیموں کے حوالے سے اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے بینکوں کے صدور اور سی ای اوز سے ملاقات کر رہے ہیں

## آئی ایم ایف شرائط، گیس، بجلی صارفین کے لیے سلیب اور سبسڈی ختم کرنے کی تیاری

**آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد کے لیے توانائی شعبے میں اصلاحات تیز کردی گئیں**

اسلام آباد (اے این این) آئی ایم ایف کی شرائط پر [illegible] (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

## وفاقی حکومت کی آئندہ دو روز تک خیبر پختونخوا میں گورنر راج نہ لگانے کی یقین دہانی

**مولانا فضل الرحمان اور وزیر اعظم شہباز شریف کے درمیان رابطے، اندرونی کہانی منظر عام پر**

اسلام آباد (اے این این) [illegible] مولانا فضل الرحمان [illegible] (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

## شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 7 دہشتگرد ہلاک

سکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد ہوا، فتنہ الخوارج کے متعلق ٹھکانے بھی تباہ کر دیئے گئے

**دہشت گردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، صدر مملکت آصف علی زرداری**

پشاور (سی ایم لنکس) سکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، مزید 7 دہشت گرد مارے گئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس کے دوران فتنہ الخوارج کے 7 خارجی جہنم واصل کیے گئے۔ سکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد ہوا، فتنہ الخوارج کے متعلق ٹھکانے بھی تباہ کر دیئے گئے۔ ذرائع کے مطابق عزم استحکام ویژن کیتحت بیرونی حمایت یافتہ (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

## لسبیلہ کی پائیدار ترقی اور نوجوانوں کو ہنر مند بنانا اولین ترجیح ہے، سائرہ عطا

**ڈسٹرکٹ کمپلیکس اوتھل میں کمشنر آفس کا قیام، تعلیم، صحت اور امن و امان کے فروغ کے لیے جامع اقدامات جاری**

اوتھل (یو این اے) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا بلوچ نے کہا ہے کہ لسبیلہ کی پائیدار ترقی، عوامی مسائل کے حل اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے جامع منصوبہ بندی، مؤثر انتظامی اقدامات اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری ناگزیر ہے۔ نوجوانوں کو صرف سرکاری (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

## ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری، خصوصی اقتصادی زونز میں 76 ارب کی سرمایہ کاری

**ستمبر میں پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں مجموعی طور پر 34 کاروباری درخواستوں کی منظوری**

اسلام آباد (اے این این) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی مسلسل کوششوں اور سہولت کاری کے نتیجے میں ماہ ستمبر کے دوران پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں مجموعی طور پر 34 کاروباری درخواستوں کی منظوری دی گئی، جس سے 76 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے ان (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

## ٹانک میں سی ٹی ڈی اور پولیس کا مشترکہ آپریشن، 3 دہشتگرد ہلاک، ترجمان

ٹانک (اے این این) ٹانک میں سی ٹی ڈی اور پولیس کے مشترکہ آپریشن کے دوران تین دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

## ٹرمپ کی مداخلت سے پاک بھارت جنگ بندی ممکن ہوئی، وزیر اعظم

**امید ہے صدر ٹرمپ کی امن کیلئے کوششوں کو اس بار مناسب پذیرائی ملے گی، شہباز شریف**

اسلام آباد (اے این این) وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مداخلت سے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی ممکن ہوئی تھی جو آج بھی برقرار ہے۔ ایک بیان میں وزیر اعظم شہباز شریف نے لکھا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی مداخلت نے (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

## بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو جیل میں سہولیات بارے رپورٹ طلب

لاہور (اے این این) لاہور ہائیکورٹ نے بانی تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی بہنوں کی نظر بندی اور جیل میں بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے علیمہ خان کی نظر بندی کے خلاف درخواست (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

## خیبر پختونخوا کی صورتحال پر ہم سب گلے تک بھر چکے ہیں، بیرسٹر دانیال

**وزیر اعلیٰ صوبے کے گول چکر لگا رہا ہے اور کابینہ ناچنے میں مصروف ہے، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری**

راولپنڈی (اے این این) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کی صورتحال پر ہم سب گلے تک بھر چکے ہیں، سیاسی جماعتوں کو فیصلہ کرنا چاہئے اور اب یہ مزید نہیں چلنے دینا چاہئے۔ راولپنڈی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ سیاسی جماعتوں سے سوال (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

# مکہ معاہدہ خطے میں استحکام کی ضمانت ہے، پاک فوج

کسی بھی ملک پر حملہ سب پر حملہ تصور ہوگا، جس کو دیکھتے ہوئے کوئی بھی عناصر مذموم مقاصد کو عملی جامہ پہنانے سے پہلے کئی بار سوچیں گے، اس کا مقصد کسی کو دشمن یا دوست قرار دینا نہیں، ایک مقصد سعودی عرب کا دفاع کرنا ہے

**پاکستان نے انتہائی دیانت دار ثالث کے طور پر غیر جانب داری سے امریکا ایران جنگ بندی کے لئے اہم کردار ادا کیا ہے، ہمارا مفاد علاقائی امن اور استحکام میں ہے، نشریاتی ادارے کو انٹرویو کے اہم اقتباسات سامنے آگئے**

راولپنڈی (اے این این) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کے امریکی نشریاتی ادارے سی این این کو دیئے گئے انٹرویو کے اہم اقتباسات سامنے آگئے۔ انٹرویو دیتے ہوئے افواج پاکستان کے ترجمان کا کہنا تھا کہ پاکستانی افواج مختلف صلاحیتوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں موجود ہیں، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اچانک وجود میں آنے والا اتحاد نہیں ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت عملی کارروائی کے حوالے سے واضح کیا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا نفاذ اور اس کے نتیجے میں سامنے آنے والے تمام اثرات خالصتاً دفاعی نوعیت کے ہوں گے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ یہ کس طرح ہوگا، کون (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

## وزیر خزانہ کی نیدرلینڈز کے کاروباری وفد سے ملاقات، سرمایہ کاری پر تبادلہ خیال

**شراکت داریوں کے فروغ اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے میں مدد ملے گی، سینیٹر محمد اورنگزیب**

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے فاؤنڈرز کاربن نیٹ ورک (ایف سی این) کی قیادت میں پاکستان کے دورے پر آئے نیدرلینڈز کے کاروباری و سرمایہ کار وفد کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا، جس میں سرمایہ کاری کے مواقع اور دوطرفہ اقتصادی شراکت داری کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کے ہمراہ پاکستان میں مملکت (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

## دکی، 15 روز قبل اغوا کیے جانے والے کنسٹرکشن کمپنی کے 11 مزدور بازیاب

**بازیاب ہونے والے مزدوروں میں سے 10 کا تعلق رحیم یار خان سے ہے، انتظامیہ نے تمام افراد کو لورالائی روانہ کردیا**

دکی (یو این اے) کنسٹرکشن کمپنی کے 11 مغوی مزدور 15 روز بعد بازیاب، محفوظ مقام منتقل: دکی کے علاقے نانا صاحب زیارت پلڑہ میں واقع کنسٹرکشن کمپنی کے کیمپ سے 15 روز قبل اغوا کیے گئے 12 مزدوروں میں سے 11 مزدور بازیاب ہوکر واپس پہنچ گئے ہیں۔ پولیس کے مطابق تمام مزدوروں کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مسلح افراد (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

## پاکستان تحریک انصاف کا اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے رابطہ

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے علی محمد خان نے ایاز صادق سے رابطہ کیا، علی محمد خاں نے کہا کہ مذاکرات کا تیسرا دور لازمی ہونا چاہیے، مذاکرات ہوں گے تو معاملات بہتری کی طرف جائیں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

ارشا: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی انٹر پارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے سیکرٹری جنرل ایک ناتھ ڈھاکل سے ملاقات کر رہے ہیں

## مولانا اچھا کردار ادا کریں گے، ہم اب بھی مذاکرات کیلئے تیار ہیں: بیرسٹر گوہر

پشاور (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا امید ہے کہ مولانا فضل الرحمان مذاکرات میں اچھا کردار ادا کریں گے، ہم اب بھی بامقصد مذاکرات کیلئے تیار ہیں۔ چارسدہ میں صحافیوں سے گفتگو (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

## بلاول بھٹو زرداری اور رانا ثنا اللہ جوڈیشل کمیشن کے ممبر مقرر

**چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی منظوری کے بعد نوٹیفکیشن جاری**

اسلام آباد (اے این این) چیف جسٹس پاکستان اور چیئرمین جوڈیشل کمیشن آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی منظوری کے بعد بلاول بھٹو زرداری اور سینیٹر رانا ثنا اللہ خان کو جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا رکن مقرر کر دیا گیا ہے، جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس، محکمہ جنگلات میں کرپشن کے معاملے پر انکوائری کمیٹی نہ بنانے کا فیصلہ

**اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی ایوان میں وضاحت، ذمہ داروں کو سزائیں دی جاچکی ہیں، کمیٹی کی ضرورت نہیں ہے**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی اجلاس کے دوران اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے وضاحت کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ایک ماہ قبل صوبائی وزیر نور محمد دومڑ کی جانب سے اسمبلی فلور محکمہ جنگلات کے پوسٹوں میں کرپشن کی نشاندہی پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

## پورا نظام فرسودہ، بدبودار اور زوال پذیر ہے، لیاقت بلوچ

**عوام اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں، حکومت پٹرول لیوی ٹیکس اور آئی پی پیز کے عذاب کا خاتمہ کرے، بیان**

لاہور (اے این این) نائب امیر جماعتِ اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پورا نظام فرسودہ، بدبودار اور زوال پذیر ہے۔ اپنے ایک بیان میں لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ عوام اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں، بجلی گیس کی قیمتوں میں اضافہ عوام کے لئے ناقابلِ برداشت (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

## علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر کیس کا فیصلہ تیسری بار موخر

**جج ایک خصوصی کورس میں شرکت کے لئے رخصت پر ہیں، عملہ انسدادِ دہشت گردی عدالت**

راولپنڈی (جی این ایم) راولپنڈی کی انسدادِ دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے سابق وزیر اعظم عمران خان کی بہن علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج سے متعلق کیس کا محفوظ فیصلہ تیسری بار موخر کرتے ہوئے 16 اکتوبر کو سنانے کی تاریخ مقرر کردی علیمہ خان (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

## چیف جسٹس پاکستان کی بار نمائندگان سے مشاورتی نشست

اسلام آباد (یو این اے) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کا دورہ کیا اور بار نمائندگان کے ساتھ مشاورتی نشست کی۔ چیف جسٹس آف پاکستان کے ہمراہ جسٹس ملک شہزاد احمد خان، جسٹس محمد شفیع صدیقی اور جسٹس میاں گل حسن (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

## سرکاری ملازمین کو فوری اور سستا انصاف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (سی ایم لنکس): وفاقی وزیر قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین کو فوری اور سستا انصاف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزارت قانون وانصاف فیڈرل سروس ٹربیونل کو بہتر انتظامی و مالی معاونت فراہم کرے گی تاکہ زیر التوا اپیلوں کے (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

## یونان میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے 40 پاکستانی ڈی پورٹ

**زیادہ تر افراد قانونی طور پر ایئر روٹس سے گئے اور سلپ ہوکر یورپ داخلے کی کوشش میں پکڑے گئے، حکام**

راولپنڈی (اے این این) یونان میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے 40 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کرکے خصوصی پرواز کے ذریعے اسلام آباد بھیج دیا گیا۔ ڈی پورٹیز کا تعلق ضلع منڈی بہاالدین، گجرات، گجرانوالہ اور سیالکوٹ سے ہے، جبکہ اسلام آباد کا صرف ایک ڈی پورٹی اس (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

## جرمنی میں مقیم پاکستانی کمیونٹی سے قریبی روابط ہیں، اسحاق ڈار

**ان کی فلاح و بہبود اور موثر قونصلر خدمات کی فراہمی پاکستانی سفارتخانے کی اہم ترجیحات ہونی چاہئیں**

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ جرمنی میں مقیم پاکستانی کمیونٹی سے قریبی روابط، ان کی فلاح و بہبود اور موثر قونصلر خدمات کی (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

## سرکاری محصولات ملکی و صوبائی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، محمد خان لہڑی

**قانون کی عملداری، شفافیت اور عوام کو سہولیات کی فراہمی محکمہ ایکسائز کی بنیادی ذمہ داری ہے، پارلیمانی سیکریٹری**

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز بلوچستان حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ محکمہ ایکسائز کی کارکردگی میں بہتری، قوانین پر مؤثر عملدرآمد، سرکاری محصولات کے نظام کو شفاف بنانا اور عوام کو سہولیات فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سرکاری اداروں (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

## دالبندین، گھریلو تلخ کلامی پر بھائی کی فائرنگ سے چھوٹا بھائی جاں بحق

دالبندین (یو این اے) دالبندین میں خاندانی یا گھریلو تنازعے کے دوران مبینہ طور پر بڑے بھائی کی فائرنگ سے چھوٹا بھائی جاں بحق ہوگیا ہے، جبکہ پولیس نے ملزم کی تلاش کے لیے چھاپہ مار کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز ملزم نے اپنے (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

اسلام آباد: وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار ہولی سی کے سیکرٹری برائے تعلقات ریاستوں آرچ بشپ پال رچرڈ گالاگھر کا استقبال کر رہے ہیں

## خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر

لاہور (اے این این) سعودی عرب سمیت دیگر خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر ہونے لگا۔ ایئر پورٹ ذرائع کے مطابق علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئر پورٹ سمیت ملک کے دیگر ایئر پورٹ سے درجنوں پروازیں منسوخ اور گھنٹوں تاخیر کا شکار ہیں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

## بلوچستان اسمبلی میں معذور افراد کے حقوق کے تحفظ سے متعلق اہم قرارداد پیش

**قرارداد ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ نے پیش کی، سرکاری ملازمتوں کے کوٹے پر عملدرآمد اور خصوصی افراد کو معاشرے کا فعال حصہ بنانے پر زور**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کا جاری اجلاس اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس کے دوران ایوان میں معذور افراد کے حقوق کے تحفظ، (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

## کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دھماکوں سے دو رابطہ پل تباہ

**دھماکے رات گئے ہوئے، جانی نقصان کی اطلاع نہیں، پولیس**

مستونگ (اے این این) مستونگ میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر رات گئے دھماکوں سے مزید دو رابطہ پل تباہ ہوگئے۔ دھماکے ژلی کھڈ کوچہ میں بلوچستان ہوٹل اور ژلی قبرستان کے قریب ہوئے۔ پولیس کے مطابق واقعے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ پولیس کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

# وزیر اعظم کا مولانا فضل الرحمان سے ٹیلیفونک رابطہ، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سمجھوتہ نہیں ہوسکتا وفاقی حکومت نے ہر ممکن کوشش کی ہے معاملات سیاسی انداز میں حل ہوں، وزیر اعظم

**معاملات کو افہام وتفہیم سے حل کیا جائے، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج سے گریز کیا جائے، مولانا فضل الرحمان کا مشورہ**

اسلام آباد (اے این این) وزیر اعظم شہباز شریف اور سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کی زیر صدارت اجلاس کے بعد رات گئے مولانا فضل الرحمان سے رابطہ کیا گیا، خیبر پختونخوا کی صورتحال خصوصا پی ٹی آئی لانگ مارچ اور مذاکراتی ڈیڈلاک بارے گفتگو ہوئی۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان نے ایک بار پھر موقف دہرایا کہ معاملات کو افہام وتفہیم سے حل کیا جائے اور وہ اس سلسلے میں کردار ادا کرنے کو تیار ہیں۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

## پاکستان اور بحرین کا تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور زراعت میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

**بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کے دورہ پاکستان کا اعلامیہ جاری**

اسلام آباد (اے این این) پاکستان اور بحرین نے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، غذائی تحفظ، اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

# صوبائی کابینہ اجلاس، بند صنعتوں کی بحالی، عوامی سہولیات کیلئے اصلاحات منظور

سرکاری خریداری میں شفافیت، ای ڈومیسائل و لوکل سرٹیفکیٹس کے اجرا میں آسانی، سیاحت اور ثقافت کے فروغ کے فیصلے

**بلوچستان میں 16 لاکھ بچوں کو تعلیمی دھارے میں لانے، سرکاری اسکولوں میں دوہری شفٹ شروع کرنے کی پالیسی بھی منظور**

کوئٹہ (اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اہم اجلاس میں صوبے کے عوامی مفاد، معاشی ترقی، تعلیم، صحت، صنعت، سیاحت، خواتین کے تحفظ، انتظامی اصلاحات اور شہری سہولیات سے متعلق متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دے دی گئی۔ کابینہ نے معدنی وسائل سے حاصل ہونے والے مالی فوائد کے مؤثر استعمال، غیر رسمی تعلیم کے فروغ، سرکاری اسکولوں میں دوہری تدریسی شفٹ، بند صنعتوں کی بحالی، سرکاری خریداری کے نظام میں شفافیت، کاروبار میں آسانی، ٹیلی میڈیسن، خواتین کے تحفظ اور عوام کو سرکاری خدمات (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
ABC Certified
روزنامہ
# گلدستہ بہار کوئٹہ
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی

ایڈیٹرانچیف ایم۔ندیم قلندرانی نے دفتر روزنامہ گلدستہ بہار قمبرانی روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ .03363522116, 03345757077
E-Address: guldastabahar123@gmail.com

## منشیات کیس

منشیات برآمدگی کیس میں ملزمہ انمول عرف پنکی کو 4 گواہوں نے شناخت کرلیا اور بتایا ملزمہ کا منشیات کا بڑا نیٹ ورک ہے تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت میں منشیات کیس کی سماعت کے دوران ملزمہ انمول عرف پنکی کے خلاف اہم پیش رفت سامنے آئی، جہاں مقدمے کے 4 گواہوں نے ملزمہ کی باقاعدہ شناخت کرلی سماعت کے دوران ملزمہ انمول عرف پنکی کو جیل سے ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش کیا گیا گواہوں نے اپنے بیانات میں عدالت کو بتایا کہ ملزمہ کو گارڈن کے علاقے سے گرفتار کیا گیا تھا اور اس کا منشیات سپلائی کرنے کا ایک بڑا اور منظم نیٹ ورک ہے شناخت کرنے والے گواہوں میں سی ٹی ڈی سے تعلق رکھنے والے تفتیشی افسر منصور، لیڈی کانسٹیبل سونیا اشرف، سب انسپکٹر عبدالستار اور اے ایس آئی اورنگزیب شامل ہیں پبلک پراسیکیوٹر شکیل عباسی نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ) سی ٹی ڈی (نے ملزمہ کی شناخت کا عمل مکمل کیا ہے انہوں نے بتایا کہ ملزمہ کا کال ڈیٹا ریکارڈ واضح طور پر ثابت کرتا ہے کہ وہ منشیات فروشوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں تھی عدالت نے کیس کی تفصیلی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے مزید گواہان کو آئندہ سماعت پر طلب کرلیا ہے۔منشیات برآمدگی کیس میں ملزمہ انمول عرف پنکی کو 4 گواہوں نے شناخت کرلیا اور بتایا ملزمہ کا منشیات کا بڑا نیٹ ورک ہے تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت میں منشیات کیس کی سماعت کے دوران ملزمہ انمول عرف پنکی کے خلاف اہم پیش رفت سامنے آئی۔

بقیہ 1

نے کہا ہے کہ ایران کسی صورت یورینیم افزودہ کرنے کا عمل ترک نہیں کرے گا۔ محمد اسلامی نے کہا کہ یورینیم کی افزودگی جوہری عمل کا ایک لازمی اور

چاہتے ہیں صوبہ بننا چاہیے تو وہاں صوبہ ضروری ہے، گلگت بلتستان میں صوبہ بنانے سے متعلق اتفاق رائے موجود ہے، لاڑکانہ سے لے کر کراچی تک بلدیاتی نظام میرا ہے جہاں عوام چاہتے ہیں وہاں کل

جبکہ 33 فیصد مطمئن ہیں، جنگ کے باعث آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کی آمدورفت متاثر ہونے سے مہنگائی کے خدشات بھی بڑھ گئے ہیں۔

**بقیہ 1**

کا قلع قمع کرنے کیلئے میدان عمل میں ہیں، دہشتگردی سے 12 اضلاع شدید متاثر ہیں وہاں خصوصی انتظامات وقت کا تقاضا ہیں، وفاقی حکومت کی ترجیح دہشتگردی پر قابو پانا ہے۔طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے باعث خیبر پختونخوا کے کئی علاقے نوگوایریاز بن چکے ہیں لیکن پی ٹی آئی والے ان علاقوں میں باآسانی آتے جاتےہیں، تحریک انصاف وضاحت کرے کہ دہشتگردوں سے ان کا کیا تعلق ہے۔لیگی رہنما نے کہا کہ پی ٹی آئی لانگ مارچ ڈیل کرنے کے تمام انتظامات مکمل کرلیے ہیں، اگرایمرجنسی کا نفاذ ہوتا ہےتواسکا لانگ مارچ سے کوئی تعلق نہیں، ایمرجنسی کا ممکنہ نفاذ صوبائی حکومت کا دہشتگردی کیخلاف جنگ میں عدم تعاون ہوگا۔

**بقیہ 2**

[illegible]

**بقیہ 3**

کی ہلاکت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ وہ جمعرات کو ریاض ایئرپورٹ پر ہونے والے حملے میں جان سے گئے۔عرب نیوز کے مطابق پہلے حملے میں ایئرپورٹ کی تنصیبات جبکہ دوسرے حملے میں سعودیہ ایئرلائنز کے ایک طیارے کو نشانہ بنایا گیا۔سعودی سول ایوی ایشن کی جنرل اتھارٹی کے مطابق حملوں کے فوراً بعد ہنگامی امدادی ٹیموں اور متعلقہ حکام نے کارروائی شروع کردی۔حملوں میں تین سعودی شہری ہلاک ہوئے جبکہ متعدد افراد زخمی ہوئے جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔اتھارٹی کا کہنا ہے کہ متعلقہ سکیورٹی اداروں کے تعاون سے نقصان کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور مسافروں سمیت ایئرپورٹ عملے کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔سول ایوی ایشن اتھارٹی کے مطابق ایئرپورٹ کی تمام آپریشنل سرگرمیاں بحال کردی گئی ہیں اور فضائی آمدورفت معمول پر آ گئی ہے۔

**بقیہ 4**

مجبور نہیں کرسکتا۔انہوں نے کہا کہ جب مولانا فضل الرحمان عمرے پر تھے تو ہماری قیادت سے رابطہ ہوا تھا۔مولانا کی خواہش تھی کہ لانگ مارچ کی تاریخ آگے لے کر جائیں۔پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے مسئلے کو بھی متنازع بنایا گیا،اس پر تو مذاکرات کیلئے ہمارے دروازے کھلے ہیں۔انہوں نے یہ بی کہا کہ سابق فاٹا کے علاقے کے عوام بھی ہمارے بیانیہ کے ساتھ کھڑے ہیں۔پی ٹی آئی کے ساتھ مسئلہ ہے تو صوبے کے دیگر سیاسی قیادت سے بیٹھ کر بات کریں۔صوبے کی دیگر قیادت بھی جو فیصلے کرے گی وعدہ ہے صوبائی حکومت نافذ کرے گی۔جنید اکبر کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان، سراج الحق، ایمل ولی، شیرپاؤ اور دیگر قیادت کے ساتھ بیٹھ کر بات کرلیں۔ثابت کریں کہ ہم غلط ہیں تو معافی مانگیں گے اور آپ کے ساتھ کھڑے ہوجائیں گے۔ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ہم بھی چاہتے ہیں کہ صوبے میں ترقی ہو، یہاں کے نوجوان ترقی میں کردار ادا کریں۔ہمیں دشمن اور دہشت گردوں کا ساتھی سمجھنا غیرمناسب بات ہے۔انہوں نے کہا کہ کمیٹی کو صوبائی معاملات نہیں سیاسی معاملات کا مینڈیٹ دیا گیا تھا۔آپ کا مسئلہ پی ٹی آئی کے ساتھ ہے تو اس کو سائیڈ کریں صوبے کی دیگر قیادت سے بات کرلیں۔جنید اکبر کا کہنا تھا کہ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن ہونا چاہیے انٹیلی جنس بیسڈ ہونا چاہیے۔خیبر پختونخوا کے عوام جو دہشتگردی بھگت رہے ہیں وہ کہتے ہیں کہ پی ٹی آئی کا بیانیہ ٹھیک ہے تو پھر آپ ہماری بھی مانیں۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں حکومت ہماری ہے اور ٹرانسفر پوسٹنگ کوئی اور کرتا ہے۔ہم تو کہتے ہیں کہ ایمرجنسی بھی لگا کر دیکھ لیں۔جنید اکبر کا کہنا تھا کہ جو ایمرجنسی لگاتا ہے وہ بھڑکیں نہیں مارتا ان کے وزراء روز چھ چھ پریس کانفرنسز کرتے ہیں۔دو تین ہفتوں سے سن رہے ہیں کہ ایمرجنسی لگ رہی ہے۔پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ہم اس کو سنجیدہ لیتے ہی نہیں۔یہ ہمیں ڈرانے کی کوشش کر رہے ہیں، اصل میں یہ خود ڈرے ہوئے ہیں۔اگر ہم اپنے ووٹ کا تحفظ کر سکتے ہیں تو اپنی حکومت کا بھی کرلیں گے۔جنید اکبر کا کہنا تھا کہ ہم جو کر رہے ہیں اس سے مطمئن ہیں اور ہم اس میں کامیاب ہیں۔پی ٹی آئی اگر تھکتی تو چار سال میں تھک جاتی، ہمارے کارکن تھکنے کا نام بھی نہیں لیتے۔ہم اپنے مرضی سے آئیں گے ہمیں پتہ ہے کب، کہاں اور کس راستے سے آنا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج بھی ہماری میٹنگ ہوئی کہ ہزارہ، صوابی یا نوشہرہ کی طرف سے آئیں۔پہلے جو دو مارچ کیے اس میں جو غلطیاں، خامیاں تھیں ان کو دور کرنے کی کوشش کی ہے۔ہم مشاورت اور پلاننگ کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں۔

**بقیہ 5**

پی آئی اے کے کال سینٹر 111- 786-786 پر رابطہ کریں۔انہوں نے کہا کہ پی آئی اے اس صورتحال کے باعث مسافروں کو پیش آنے والی زحمت پر معذرت خواہ ہے۔

**بقیہ 6**

واضح رہا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ چند ماہ کے دوران ایران اور یمن میں حوثیوں کے خلاف بڑے فوجی آپریشنز کی پانچ تجاویز مسترد کر چکے ہیں۔گزشتہ روز بھی امریکی صدر مڈٹرم الیکشنز سے پہلے ایران پر نئے حملے کے خدشات کو مسترد کرتے ہوئےکہا تھا کہ دونوں ممالک کے درمیان مثبت بات چیت جاری ہے۔

**بقیہ 7**

کے مطابق امریکا واپس آنے والے اہلکاروں نے اہلِ خانہ سے ملاقات اور تازہ کھانا کھانے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ایک اہلکار کی اہلیہ نے بتایا ہے کہ میرے شوہر نے جہاز پر خوراک کی قلت کا ذکر کیا تھا اور وہ 10ماہ بعد اپنی 4 سالہ بیٹی سے مل رہے ہیں۔واضح رہے کہ طویل تعیناتی کے دوران جہاز پر خوراک اور نہانے کی سہولتوں کی قلت، خراب حالات اور عملے کے بعض ارکان کی خودکشی کی کوششوں کی اطلاعات بھی سامنے آئی تھیں۔میڈیا رپورٹس میں دعوی کیا گیا تھا کہ طویل تعیناتی کے سبب امریکی بحریہ کی جنگی تیاری اور اہلکاروں کی ذہنی صحت صحیح نہیں۔اس پر امریکی وزیرِ دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے عملے کی تعریف کی تھی جبکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جہاز کے خراب حالات سے متعلق خبروں کو جعلی قرار دیا تھا۔دوسری جانب پیو ریسرچ سینٹر کے سروے کے مطابق 65 فیصد امریکی ایران جنگ سے متعلق ٹرمپ کی حکمتِ عملی سے ناخوش ہیں

**بقیہ 8**

کی بحالی کے لیے بھرپور اور نتیجہ خیز کوششیں جاری ہیں انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں کراچی میں تمام قانونی تقاضیکا غذی کارروائیاں اور طریقہ کار مکمل کر لیا گیا ہے اور معاملہ اب آخری اور فیصلہ کن مراحل میں داخل ہو چکا ہےحاجی غلام حسین کرد نے کہا کوچوں کے پرانے اسٹاپ کی بحالی کے لیے اسسٹنٹ کمشنر لیاری کی جانب سے مختیار کار لیاری، ٹاؤن میونسپل آفیسر اور ڈی ایس پی ٹریفک کو پارکنگ سائٹ کے تعین کے لیے باقاعدہ مراسلہ بھی جاری ہوچکا ہےانہوں نے کہا کہ ان شاءاللہ بہت جلد خضدار کے عوام اور ٹرانسپورٹرز کو اس حوالے سے بڑی خوشخبری سنائی جائے گی یہ بات سابق یوسی ناظم لیاری حاجی غلام حسین کرد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہاانہوں نے کہا کہ ہمیں خضدار کے تمام کوچ مالکان ڈرائیورز اور غریب مسافروں کا مکمل احساس ہے، اس وقت ہمارے مسافر یوسف گوٹھ میں دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں جہاں نہ کوئی سہولت ہے اور نہ شہر تک آسان رسائی ہےانہوں نے کہا کہ عوام کے اس دیرینہ مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرکے کوچوں کو دوبارہ ان کے پرانے مرکزی اسٹاپ لیمارکیٹ پر لایا جائے گا، جس سے ہزاروں مسافروں، مریضوں، طلبا اور ٹرانسپورٹرز کو براہ راست ریلیف ملے گا حاجی غلام حسین کرد نے اس پیش رفت پر ایم این اے لیاری سردار نبیل گبول، ایم پی اے یوسف بلوچ، چیئرمین لیاری ٹاؤن کمیٹی خلیل ہوت کا خصوصی شکریہ ادا کیاانہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر رہنما چیف آف جھالاوان و سابق وزیراعلی بلوچستان نواب ثنا اللہ خان زہری اور قبائلی شخصیت میر شفیق الرحمان مینگل ودیگر کی جانب سے بھی اس عوامی مسئلے کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد اور تعاون رہا ہے، امید ہے جلد یہ دیرینہ مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل ہوجائے گا۔

**بقیہ 9**

بھی متروکہ وقف املاک بورڈ کے رکن مقرر کیے گئے ہیں۔

**بقیہ 10**

کہ آئندہ آٹھ ماہ میں کاروباری معاملات کو آٹومیٹڈ نظام پر منتقل کیا جائے گا تاکہ مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کو تیز اور آسان بنایا جا سکے۔ان خیالات کا اظہار ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران اور ممبران کے ساتھ منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر مرزا خان خلجی، نائب صدر جنگیان دشتی اور دیگر عہدیداران نے مہمانوں کا خیرمقدم کیا اور انہیں بلوچستان کی کاروباری برادری کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں کاروبار، بالخصوص درآمدات و برآمدات، مشکل صورت حال سے دوچار ہیں۔مال بردار گاڑیوں کو جلائے جانے کے واقعات کے ساتھ ساتھ غیر ضروری چیک پوسٹوں اور بار بار چیکنگ کے باعث تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔چیمبر کے عہدیداران نے بتایا کہ مستونگ روڈ اور زیارت کراس کے مقامات پر محکمہ کسٹمز کی جانب سے ضبط کیا گیا اربوں روپے مالیت کا سامان اور گاڑیاں آتشزدگی کا شکار ہوئیں، تاہم متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی یا نقصان کے ازالے کے لیے تاحال کوئی موثر اقدام نہیں کیا جا سکا۔انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی تین ہزار سے ساڑھے تین ہزار مال بردار گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں، جن کی کلیئرنس کا عمل تیز کرنے کے ساتھ ضبط شدہ سامان کی جلد نیلامی کے احکامات پر عمل درآمد ضروری ہے۔اس موقع پر چیف کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ (آپریشنز) محمد جمیل ناصر خان نے کہا کہ کسی بھی صورت قانونی تجارت پر قدغن نہیں لگنے دی جائے گی، کیونکہ قانونی تجارتی سرگرمیوں سے ملک اور صوبے کو ریونیو حاصل ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسمگلنگ میں ملوث عناصر قانونی تجارت سے وابستہ افراد کے لیے مشکلات پیدا کر رہے ہیں۔جہاں اسمگلنگ کی سرگرمیاں ہوں گی، وہاں چیکنگ ضرور کی جائے گی، تاہم اسمگلنگ کی آڑ میں کسی کو بلاوجہ تنگ کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔انہوں نے کہا کہ ضبط شدہ سامان کی نیلامی کے احکامات پہلے ہی جاری کیے جا چکے ہیں اور اب اس عمل کو مزید تیز کیا جارہاہے۔شہر کے اندر دو ویئر ہاسز قائم کرنے کا انتظام کیا جار ہا ہے، جنہیں ڈیڑھ ماہ کے اندر فعال کرنے کی کوشش کی جائے گی۔محمد جمیل ناصر خان نے مزید بتایا کہ سنٹرل اسسمنٹ یونٹ میں بلوچستان کے کیسز کی خصوصی جانچ پڑتال روزانہ شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک کی جائے گی۔آئندہ آٹھ ماہ کے دوران کاروباری امور کو خودکار نظام پر منتقل کرنے کا منصوبہ ہے، جس سے مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کا عمل تیز اور آسان ہوگا۔انہوں نے ویئر ہاسز میں سامان جلنے کے واقعات سے متعلق جاری انکوائریوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تحقیقات مکمل ہونے کے بعد معاوضوں کی ادائیگی اور دیگر معاملات کے لیے فریم ورک پالیسی پر کام متوقع ہے۔انہوں نے کسٹمز ڈیوٹی اور دیگر متعلقہ امور پر چیمبر کی تجاویز کا خیرمقدم کرتے ہوئے انہیں ترجیح دینے کی یقین دہانی بھی کرائی۔اجلاس کے اختتام پر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کی جانب سے مہمان کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔

**بقیہ 11**

کیا گیا اور نہ ہی دستاویز میں کوئی اضافی افادیت شامل ہوئی۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خطرے کے خاتمے کے لئے مجوزہ ادارہ رکن ممالک کی قیادت میں انسداد دہشت گردی حکمتِ عملی کے چاروں ستونوں پر متوازن عمل درآمد کی نگرانی کرے اور حکمتِ عملی کے مقاصد کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے میں مدد دے۔پاکستان کے مستقل مندوب کا کہنا ہے کہ عالمی انسداد دہشت گردی کی حکمتِ عملی کی 20ویں سالگرہ پر قرارداد کو ووٹنگ کے لئے پیش کرنا پڑا۔ان کا کہنا ہے کہ جنرل اسمبلی کے تحت ایک ذیلی ادارہ قائم کرنے کی اپنی تجویز کا اعادہ کرتے ہیں، ذیلی ادارے کے اخراجات اقوام متحدہ کے باقاعدہ بجٹ سے پورے کیے جائیں۔

**بقیہ 12**

میں تبدیلی نے شہریوں کی مشکلات مزید بڑھا دی ہیں۔موسم کی تبدیلی کے باعث شہری مختلف موسمی امراض کا شکار ہو رہے ہیں اور علاج معالجے کے لیے اسپتالوں کا رخ کر رہے ہیں۔موسمی تبدیلی کے باعث بچوں، بزرگوں اور دیگر شہریوں کو خصوصی احتیاط کی ضرورت ہے۔شہریوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ سردی سے بچاؤ کے لیے گرم کپڑوں کا استعمال کریں، غیر ضروری طور پر سرد ہوا میں نکلنے سے گریز کریں اور صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھیں۔طبیعت خراب ہونے کی صورت میں مستند معالج سے رجوع کیا جائے اور خود سے ادویات استعمال کرنے سے گریز کیا جائے۔شہریوں نے

[illegible]

**بقیہ 13**

[illegible]

**بقیہ 14**

[illegible]

**بقیہ 15**

[illegible]

**بقیہ 16**

[illegible] چیف کمشنر اسلام آباد سے رجوع کیا جائے، جس پر انہوں نے تین دن کے اندر درخواستیں جمع کرائیں عدالت نے حکم دیا تھا کہ تین دن کے اندر درخواست دینے والوں کے حکم امتناع میں توسیع ہوگی . عدالت نے درخواستوں پر مزید سماعت 20 اکتوبر تک ملتوی کرتے ہوئے ہدایت کی کہ آئندہ سماعت پر تیاری کرکے آئیں، مزید مہلت نہیں دی جائے گی اور کیسز کا فیصلہ کیا جائے گا۔

**بقیہ 17**

کرنسی ایکسچینج سے متعلق شواہد موجود تھے۔اعلامیے میں کہا گیا کہ کارروائی کے دوران لاکھوں روپے مالیت کی غیر ملکی کرنسیاں اور پاکستانی روپے بھی برآمد کیے گئے۔

**بقیہ 18**

اور ادویات سمیت بنیادی چیزیں دینے کا حکم دیا جائے . جسٹس عبہر گل نے استفسار کیا کہ جو چیزیں چاہیے وہ لکھ کر دیں وکیل نے کہا کہ 19 دن گزر گئے ہیں لیکن دوائیاں اور کپڑے نہیں دیئے گئے عدالت نے ریمارکس دیئے کہ آپ کو جو چیزیں چاہیے وہ باقاعدہ لکھ کر دیں، ہم جس چیز کا آرڈر کریں گے وہی جیل سے اندر جائیں گی وکیل رانا مدثر نے استدعا کی کہ دوائیاں، کپڑے، کتابیں اور کھانے پینے کی اشیا دینے کا حکم دیا جائے جسٹس عبہر گل خان نے ریمارکس دیئے کہ کھانے پینے کی چیزوں کی اجازت نہیں دے سکتے، آپ کی متفرق درخواستوں پر رپورٹ منگوا لیتے ہیں .وکیل رانا مدثر نے استدعا کی کہ گزارش ہے کہ مرکزی کیس جو نظر بندی سے متعلق وہ بھی سن لیں عدالت نے ریمارکس دیے کہ پہلے دوائیاں کپڑے تو پہنچا دیں پھر یہ بھی سن لیں گے، اگر آپ نے مرکزی درخواست پر دلائل دینے ہیں تو پھر متفرق درخواستیں رہنے دیں آپ سوچ لیں آپ نے کیا کرنا ہے؟عدالت نے دلائل کے بعد علیمہ خان، عظمی خان اور نورین نیازی کی نظر بندی کے خلاف درخواستوں پر کارروائی 12 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

**بقیہ 19**

[illegible]

**بقیہ 20**

[illegible]

**بقیہ 21**

[illegible] 5520291417227 [illegible] PK82HABB002516700221803 [illegible]

**بقیہ 22**

[illegible] چیزیں چاہیے وہ باقاعدہ لکھ کر دیں، ہم جس چیز کا آرڈر کریں گے وہی جیل سے اندر جائیں گی۔وکیل رانا مدثر نے استدعا کی کہ دوائیاں، کپڑے، کتابیں اور کھانے پینے کی اشیا دینے کا حکم دیا جائے۔جسٹس عبہر گل خان نے ریمارکس دیئے کہ کھانے پینے کی چیزوں کی اجازت نہیں دے سکتے، آپ کی متفرق درخواستوں پر رپورٹ منگوا لیتے ہیں۔وکیل رانا مدثر نے استدعا کی کہ گزارش ہے کہ مرکزی کیس جو نظر بندی سے متعلق وہ بھی سن لیں۔عدالت نے ریمارکس دیے کہ پہلے دوائیاں کپڑے تو پہنچا دیں پھر یہ بھی سن لیں گے، اگر آپ نے مرکزی درخواست پر دلائل دینے ہیں تو پھر متفرق درخواستیں رہنے دیں۔آپ سوچ لیں آپ نے کیا کرنا ہے؟عدالت نے دلائل کے بعد علیمہ خان، عظمی خان اور نورین نیازی کی نظر بندی کے خلاف درخواستوں پر کارروائی 12 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

**بقیہ 23**

صدر ٹرمپ کی مداخلت سے ممکن ہوئی، جو آج تک برقرار ہے۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں امن کے قیام کے لیے صدر ٹرمپ کی کوششوں کو تسلیم کیا جانا چاہیے۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ خطے میں امن کے فروغ اور تنازعات کی روک تھام کے لیے صدر ٹرمپ کی کوششوں کو اس بار مناسب پذیرائی ملے گی۔شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو امن کے نوبیل انعام کے لیے نامزد کیا تھا۔یہ نامزدگی خطے میں کشیدگی کم کرنے اور جنگ کے خطرات کو ٹالنے میں ان کی کاوشوں کے اعتراف میں کی گئی تھی، جس کا مقصد عالمی سطح پر ان کی امن کوششوں کو اجاگر کرنا تھا۔

**بقیہ 24**

936 روپے فی تولہ کی سطح پر آ گئی۔اسی طرح مقامی سطح پر فی 10 گرام سونے کی قیمت 5ہزار 58 روپے بڑھ کر 3لاکھ 78ہزار 31روپے ہوگئی ہے۔سونے کی قیمتوں کے ساتھ ہی مقامی مارکیٹ میں فی تولہ چاندی کی قیمت 144روپے کے اضافے سے 6ہزار 512روپے اور فی 10 گرام چاندی کی قیمت بھی 123روپے کے اضافے سے 5ہزار 582روپے کی سطح پر آ گئی۔

**بقیہ 25**

کاروں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

**بقیہ 26**

صوبے میں امن و امان کی صورتحال پر بھی سنجیدہ سوالات اٹھاتے ہیں۔حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کریں۔میر رحمت صالح بلوچ اور پھلین بلوچ نے مطالبہ کیا کہ حاجی سمیع اللہ کے قتل کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں، واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور بلوچستان بھر میں شہریوں، تاجروں اور مسافروں کے تحفظ کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام بلا خوف و خطر اپنی کاروباری اور روزمرہ سرگرمیاں جاری رکھ سکیں دونوں رہنماؤں نے مزید کہا کہ نیشنل پارٹی اس دکھ اور غم کی گھڑی میں مرحوم حاجی سمیع اللہ کے اہلِ خانہ، عزیز و اقارب اور تاجر برادری کے غم میں برابر کی شریک ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابلِ تلافی نقصان برداشت کرنے کے لیے صبرِ جمیل اور ہمت عطا فرمائے۔آمین۔

**بقیہ 27**

بن جائے تو مذاکرات دوبارہ شروع ہوسکتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ حکومت ایک طرف مذاکرات کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے تو دوسری جانب پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کی صورتحال بھی دیکھ رہی ہے۔رانا ثنا اللہ نے خیبر پختونخوا حکومت کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنا کردار ادا کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس جنگ کی کامیابی کیلئے صوبائی حکومت کا کردار انتہائی اہم ہے، اگر صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنا کردار ادا کرے تو بہت سے مسائل حل ہوسکتے ہیں، آپریشن کی کامیابی کیلئے صوبائی حکومت کا تعاون ضروری ہے، کیونکہ پولیس، سی ٹی ڈی اور دیگر سول انتظامات صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہیں۔بانی پی ٹی آئی سے ملاقات اور ان کے علاج کے معاملات پر مشیر وزیراعظم نے کہا کہ یہ امور قانون اور جیل مینوئل کے مطابق طے ہونے چاہئیں، بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں شروع کرنے کیلئے منگل کا وقت دیا گیا تھا، تاہم ملاقاتوں کو سیاسی طور پر استعمال نہ کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔انہوں نے کہا کہ ملاقاتوں کا سیاسی استعمال ہی بعد میں مسئلے کا سبب بنا، بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتوں سمیت تمام معاملات پر مکمل بات چیت ہوئی تھی اور یہ اتفاق بھی ہوا تھا کہ اگر کوئی مسئلہ پیدا ہوتا ہے تو بات چیت کیلئے پلیٹ فارم فراہم کیا جائے گا۔

**بقیہ 28**

جانے چاہئیں۔شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ ان کی کوشش ہے کہ حلقے کے عوام کو بلا امتیاز سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔عوامی مسائل کے حل میں رنگ، نسل، زبان اور طبقے کی بنیاد پر کسی قسم کی تفریق نہیں ہونی چاہیے، کیونکہ منتخب نمائندے کی ذمہ داری تمام شہریوں کی خدمت کرنا ہے۔رکن بلوچستان اسمبلی نے مزید کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت، جمہوری استحکام اور ملکی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔بلوچستان کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ تمام سیاسی قوتیں عوامی مفادات کو مقدم رکھیں اور اختلافات سے بالاتر ہوکر صوبے کے مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں کریں۔انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کو اسمبلی سمیت متعلقہ سرکاری اداروں میں اجاگر کرنا اور ان کے حل کے لیے پیروی کرنا منتخب نمائندوں کی ذمہ داری ہے۔عوام کی شکایات کو نظرانداز کرنے کے بجائے ان کا بروقت ازالہ کیا جانا چاہیے تاکہ شہریوں کا سرکاری اداروں پر اعتماد مضبوط ہو۔شیخ زرک خان مندوخیل نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ عوامی خدمت کے مشن کو جاری رکھتے ہوئے حلقے کے مسائل کے حل، ترقیاتی ضروریات کی نشاندہی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

**بقیہ 29**

متعلق مزید معلومات اور پولیس کی جانب سے باضابطہ تصدیق کا انتظار ہے۔

**بقیہ 30**

کیا۔دورانِ دورہ شرکاء کو قومی احتساب بیورو (NAB) کے طریق؟ کار اور امور کار کے بارے میں جامع بریفنگ دی گئی۔بریفنگ میں قومی احتساب آرڈیننس (NAO) 1999 کے تحت NAB کے مینڈیٹ، آگاہی (Awareness)، انسداد بدعنوانی (Prevention) اور نفاذ قانون (Enforcement) پر مشتمل سہ جہتی حکمتِ عملی، شکایت کی تصدیق سے لے کر ریفرنس دائر ہونے تک کے مراحل، اور NAO میں حالیہ قانون سازی سے متعلق پیش رفت پر روشنی ڈالی گئی۔ڈپٹی ڈائریکٹر جناب شوکت سرپارا کی سربراہی میں ایک وفد نے آگاہی سیشن میں شرکت کی۔وفد نے کارروائی میں حصہ لیتے ہوئے کالج اساتذہ اور طلبہ میں بدعنوانی کی روک تھام، شفافیت، دیانت داری اور اچھی حکمرانی کے فروغ کے حوالے سے آگاہی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

**بقیہ 31**

حوالے سے حتمی فیصلہ صوابی میں قیام کے بعد متوقع ہے۔ادھر وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ میرے پاکستانیو !اپنے سائیکل، موٹرسائیکل، گاڑیوں، جوتوں پر کپڑا مارلو، صوابی میں پہنچ کر واپسی نشتہ، اس بار فکس میچ نشتہ، ہمارا لانگ مارچ بلال اور مریم والا لانگ مارچ نہیں، اس بار پہلے ٹیسٹ میچ پھر ٹی ٹونٹی میچ ہوگا۔یہ نوجوانوں اور پاکستانیوں کا لانگ مارچ ہے، اس بار فکس میچ نشتہ، اس سے پہلے جو ہماری حکومت تھی، جب لانگ مارچ ہوتا تو فکس میچ کے ساتھ ہوتا تھا، اس بار یہ فکس میچ نہیں ہے، اس بار پہلے ٹیسٹ میچ پھر ٹی ٹونٹی میچ ہوگا، نوجوانوں کا جوش جذبہ جس طرح کا ہے، ٹی ٹونٹی میچ بھی جلد شروع ہوجائے گا۔چارسدہ میں آگے کا لائحہ عمل دوں گا، آگے کا لائحہ عمل تھوڑا تھوڑا دوں گا۔میچ کا یارکر لائحہ عمل صوابی میں پہنچ کر دوں گا۔

**بقیہ 32**

کی ہلاکت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ وہ جمعرات کو ریاض ایئرپورٹ پر ہونے والے حملے میں جان سے گئے۔عرب نیوز کے مطابق پہلے حملے میں ایئرپورٹ کی تنصیبات جبکہ دوسرے حملے میں سعودیہ ایئرلائنز کے ایک طیارے کو نشانہ بنایا گیا۔سعودی سول ایوی ایشن کی جنرل اتھارٹی کے مطابق حملوں کے فوراً بعد ہنگامی امدادی ٹیموں اور متعلقہ حکام نے کارروائی شروع کردی۔حملوں میں تین سعودی شہری ہلاک ہوئے جبکہ متعدد افراد زخمی ہوئے جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔اتھارٹی کا کہنا ہے کہ متعلقہ سکیورٹی اداروں کے تعاون سے نقصان کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور مسافروں سمیت ایئرپورٹ عملے کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔سول ایوی ایشن اتھارٹی کے مطابق ایئرپورٹ کی تمام آپریشنل سرگرمیاں بحال کردی گئی ہیں اور فضائی آمدورفت معمول پر آ گئی ہے۔

**بقیہ 33**

شہید پولیس اہلکار کے جسدِ خاکی کو جمرود اسپتال منتقل کردیا گیا ہے جب کہ ملزمان کی تلاش کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن کیا جارہا ہے۔

**بقیہ 34**

کو تیار ہیں مگر اصولوں سے دستبرداری اختیار نہیں کریں گے۔ان کا کہنا تھا پی ٹی آئی کا جنرل سیکرٹری ہوں میرے اوپر بہت ذمہ داریاں ہیں، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے کیسز کو بھی دیکھ رہا ہوں، پنجاب لانگ مارچ میں بالکل شرکت کرے گا اور بڑی تعداد میں قافلے شامل ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ پشاور میں متعدد کارکنوں کو اغوا کیا گیا اس کی مذمت کرتا ہوں، پورے ملک فسطائیت راج ہے، ہم انہیں کہتے ہیں ہوش کے ناخن لیں۔

**بقیہ 35**

پی ایل سلوشنز کے ڈائریکٹر ہیں جب کہ دیگر 3 بھارتی شہری کیتن منوہر کوچیکار، بھپندر سنگھ دھال سنگھ ساہو اور ہریش یام ہری ہارن چندا کاٹل، سمودرا میرین سروسز کے ڈائریکٹر ہیں۔امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق ان کمپنیوں نے ایرانی پیٹروکیمیکل مصنوعات کی تجارت یا درآمد میں کردار ادا کیا۔ترکیہ کے شہری سعید احمد نورزاد بھی پابندیوں میں شامل ہیں، وہ ترکیہ کی کمپنی نورزاد پیٹروکیمیا کے ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو ہیں۔امریکی حکام کے مطابق کمپنی نے تقریبا 3.8 ملین ڈالر کی ایرانی پیٹروکیمیکل مصنوعات خریدیں۔ادھر عرب امارات کی عربین پرومیٹیر یلز پر تقریبا 2 ملین ڈالر کی ایرانی پیٹروکیمیکل مصنوعات برآمد کرنے کا الزام ہے۔امارات میں قائم 'ہورائزن شپ مینجمنٹ اور ہیسونائٹ شپ مینجمنٹ پر بھی پابندیاں عائد کی گئی ہیں جس پر امریکی حکام کا کہنا ہے کہ ان کمپنیز سے منسلک جہازوں نے ایرانی تیل اور گیس کی مصنوعات منتقل کیں۔امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق یہ کارروائی ایران کی تیل اور پیٹروکیمیکل تجارت سے حاصل ہونے والی آمدنی کو محدود کرنے کی امریکی کوشش کا حصہ ہے۔

**بقیہ 36**

، مفتی محمد روزی خان، مولانا حافظ حسین احمد شرودی، حاجی عبدالصادق نورزئی، میر حشمت لہڑی، حافظ مسعود احمد عبدالصمد حقیار، صفی اللہ مینگل اور دیگر مقررین نے کہا کہ کوئٹہ میں جرائم پیشہ عناصر اور مسلح جتھوں کی سرِعام سرگرمیاں حکومتی وانتظامی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔شہر میں دندناتے مسلح جتھوں کو حکومتی سرپرستی حاصل ہے، جبکہ بدامنی کے بڑھتے ہوئے واقعات کی ذمہ داری حکومت اور انتظامیہ پر عائد ہوتی ہے۔حکومتی غفلت اور انتظامی چشم پوشی نے شہریوں کو عدم تحفظ سے دوچار کردیا ہے۔

**بقیہ 37**

سامنا ہے۔ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں غربت کے خاتمے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے۔صوبے کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور نوجوانوں کو تعلیم و روزگار کے مواقع دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسمبلی اجلاس سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیاانہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جانا چاہیے تاکہ صوبے میں پسماندگی کا خاتمہ اور معاشی ترقی ممکن ہوسکے۔

**بقیہ 38**

خام تیل ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کی قیمت 3.6 فیصد یا 3.21 ڈالر بڑھ کر 91.49 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گئی۔کاروبار کے دوران دونوں اقسام کے خام تیل کی قیمتیں کسی وقت 5 ڈالر فی بیرل سے زیادہ بڑھ گئی تھیں۔ممکنہ امریکی حملوں کے خدشات کے باعث برینٹ خام تیل کی قیمت 29 ستمبر کے بعد بلندترین سطح پر پہنچ گئی۔

**بقیہ 39**

آئین پڑھا ہے، پارلیمنٹ سے بڑا فورم کونسا ہے، بلاول بھٹو نے ان کو اتنا بڑا فورم دیا۔گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا اختیار مذاکراتی کمیٹی کے پاس نہیں تھے یہ اختیارات ایک بھگوڑے کے پاس تھے، وزیراعلیٰ کے پاس تو خود اختیارات نہیں بھگوڑے مراد سعید کے ریموٹ کنٹرول پر چلتے ہیں، سوات سے بھگوڑے مراد سعید کے ریموٹ کنٹرول پر کام کیا جارہا۔فیصل کریم کنڈی نے کہا دہشتگردی پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوسکتا، صوبہ دہشتگردی سے جل رہا ہے اور یہ عیاشیاں کررہے ہیں، ان میں جرات ہی نہیں کہ دہشتگردی کی مذمت کریں، یہ تو کہتے ہیں دہشتگردوں سے بات کریں ان کو بسائیں یہ ان کو الیکشن میں سپورٹ کرتے ہیں، دہشتگردی ہمارے لیے ریڈ لائن ہے، صوبے کو دہشتگردوں کے حوالے نہیں کریں گے، یہ کہتے ہیں دہشت گردی چھوڑیں باقی سب معاملات پر بات کریں، وزیراعظم ،صدر سے جب ملاقات ہوتی ہے ایجنڈا دہشت گردی کے خلاف جنگ ہوتا ہے۔فیصل کنڈی نے کہا وزیراعلیٰ کے دائیں بائیں کے لوگ چاہتے ہیں کہ وہ بھی وزیراعلیٰ بنیں، وزیراعلیٰ کے دائیں بائیں کے لوگ چاہتے ہیں یہ جائیں تاکہ ان کا نمبر لگے۔

**بقیہ 40**

صوبائی حکومت کا کوئی نمائندہ نماز جنازہ میں شریک نہیں ہوا، تاہم پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کو دہشتگردوں کے رحم وکرم پر چھوڑ کر سیاسی سرگرمیوں میں مصروف ہے۔

**بقیہ 41**

کے درمیان 7 نکات پر بات چیت جاری ہے، امریکا نے بھی ایران کے 7 نکات پر اپنا موقف شیئر کیا ہے، امریکا، ایران کے درمیان براہ راست رابطے پاکستان کی ثالثی کوششوں کا نتیجہ ہیں، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پہلے سے موجود ہے۔زیر بحث بعض نکات اس سے مطابقت رکھتے ہیں، امریکا ایران تنازع کے حل میں پاکستان اور دیگر اہم ممالک کا کردار موجود ہے۔ترجمان نے بتایا کہ پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان براہ راست تعاون اور کشیدگی میں کمی کا خواہاں ہے، پاکستان امریکا اور ایران کیدرمیان مذاکرات کے ذریعے تنازع کا حل چاہتا ہے، ضرورت پڑنے پر پاکستان امریکا اور ایران کیدرمیان دوبارہ ثالثی کیلیے تیار ہے۔ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان کا کہنا تھا افغانستان سے پھیلنے والی دہشتگردی ہمسایہ ممالک خصوصاً پاکستان کیلیے سنگین خطرہ ہے، ماسکو فارمیٹ اجلاس میں افغانستان جنم لینے والی دہشتگردی پر تحفظات پیش کیے، افغان طالبان وفد نے ماسکو فارمیٹ کے گزشتہ اعلامیے میں دہشتگردی سے متعلق مؤقف برقرار رکھنے پر اتفاق نہیں کیا، پاکستان کیلیے افغانستان سے پھیلنے والی دہشتگردی محض الفاظ کا نہیں بلکہ قومی سلامتی کا معاملہ ہے۔آئندہ ماسکو فارمیٹ اجلاس میں پاکستان کی شرکت سے متعلق فیصلہ قبل از وقت ہے۔ترجمان دفتر خارجہ نے کہا متنازع جموں وکشمیر کیعلاقوں کو بھارتی نقشے میں شامل کرنے کی کوشش مسترد کرتے ہیں، بھارت کی یک طرفہ نقشہ سازی قانونی طور پر بےحیثیت ہے، بھارتی نقشہ سازی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی خلاف ورزی ہے، کوئی بھی بھارتی یک طرفہ اقدام جموں وکشمیر کی متنازع حیثیت تبدیل نہیں کرسکتا، بھارت کی نقشہ سازی کشمیری عوام کیناقابلِ تنسیخ حق خودارادیت کو متاثر نہیں کرسکتی۔ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ دو اکتوبر کو بھارتی بارڈر سکیورٹی فورس کے ہاتھوں 2 پاکستانی شہری جاں بحق ہوئے، پاکستانی شہریوں کے قتل پر بھارتی ناظم الامور کو 3 اکتوبر کو دفتر خارجہ طلب کیا گیا، پاکستان نے بھارت سے واقعے کی فوری، شفاف اور قابل اعتماد تحقیقات کا مطالبہ کیا، پاکستان نے ذمہ داران کیخلاف مناسب قانونی اور تادیبی کارروائی، تحقیقات کے نتائج شیئر کرنے کا مطالبہ کیا۔ترجمان کے مطابق پاکستان نے بھارت پر تحمل اور ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات پر زور دیا۔

**بقیہ 42**

کا قلع قمع کرنے کیلئے میدان عمل میں ہیں، دہشتگردی سے 12 اضلاع شدید متاثر ہیں وہاں خصوصی انتظامات وقت کا تقاضا ہیں، وفاقی حکومت کی ترجیح دہشتگردی پر قابو پانا ہے۔طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے باعث خیبر پختونخوا کے کئی علاقے نوگوایریاز بن چکے ہیں لیکن پی ٹی آئی والے ان علاقوں میں باآسانی آتے جاتےہیں، تحریک انصاف وضاحت کرے کہ دہشتگردوں سے ان کا کیا تعلق ہے۔لیگی رہنما نے کہا کہ پی ٹی آئی لانگ مارچ ڈیل کرنے کے تمام انتظامات مکمل کرلیے ہیں، اگرایمرجنسی کا نفاذ ہوتا ہےتواسکا لانگ مارچ سے کوئی تعلق نہیں، ایمرجنسی کا ممکنہ نفاذ صوبائی حکومت کا دہشتگردی کیخلاف جنگ میں عدم تعاون ہوگا۔

**بقیہ 43**

کی ہلاکت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ وہ جمعرات کو ریاض ایئرپورٹ پر ہونے والے حملے میں جان سے گئے۔عرب نیوز کے مطابق پہلے حملے میں ایئرپورٹ کی تنصیبات جبکہ دوسرے حملے میں سعودیہ ایئرلائنز کے ایک طیارے کو نشانہ بنایا گیا۔سعودی سول ایوی ایشن کی جنرل اتھارٹی کے مطابق حملوں کے فوراً بعد ہنگامی امدادی ٹیموں اور متعلقہ حکام نے کارروائی شروع کردی۔حملوں میں تین سعودی شہری ہلاک ہوئے جبکہ متعدد افراد زخمی ہوئے جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔اتھارٹی کا کہنا ہے کہ متعلقہ سکیورٹی اداروں کے تعاون سے نقصان کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور مسافروں سمیت ایئرپورٹ عملے کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔سول ایوی ایشن اتھارٹی کے مطابق ایئرپورٹ کی تمام آپریشنل سرگرمیاں بحال کردی گئی ہیں اور فضائی آمدورفت معمول پر آ گئی ہے۔

**بقیہ 44**

مجبور نہیں کرسکتا۔انہوں نے کہا کہ جب مولانا فضل الرحمان عمرے پر تھے تو ہماری قیادت سے رابطہ ہوا تھا۔مولانا کی خواہش تھی کہ لانگ مارچ کی تاریخ آگے لے کر جائیں۔پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے مسئلے کو بھی متنازع بنایا گیا،اس پر تو مذاکرات کیلئے ہمارے دروازے کھلے ہیں۔انہوں نے یہ بی کہا کہ سابق فاٹا کے علاقے کے عوام بھی ہمارے بیانیہ کے ساتھ کھڑے ہیں۔پی ٹی آئی کے ساتھ مسئلہ ہے تو صوبے کے دیگر سیاسی قیادت سے بیٹھ کر بات کریں۔صوبے کی دیگر قیادت بھی جو فیصلے کرے گی وعدہ ہے صوبائی حکومت نافذ کرے گی۔جنید اکبر کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان، سراج الحق، ایمل ولی، شیرپاؤ اور دیگر قیادت کے ساتھ بیٹھ کر بات کرلیں۔ثابت کریں کہ ہم غلط ہیں تو معافی مانگیں گے اور آپ کے ساتھ کھڑے ہوجائیں گے۔ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ہم بھی چاہتے ہیں کہ صوبے میں ترقی ہو، یہاں کے نوجوان ترقی میں کردار ادا کریں۔ہمیں دشمن اور دہشت گردوں کا ساتھی سمجھنا غیرمناسب بات ہے۔انہوں نے کہا کہ کمیٹی کو صوبائی معاملات نہیں سیاسی معاملات کا مینڈیٹ دیا گیا تھا۔آپ کا مسئلہ پی ٹی آئی کے ساتھ ہے تو اس کو سائیڈ کریں صوبے کی دیگر قیادت سے بات کرلیں۔جنید اکبر کا کہنا تھا کہ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن ہونا چاہیے انٹیلی جنس بیسڈ ہونا چاہیے۔خیبر پختونخوا کے عوام جو دہشتگردی بھگت رہے ہیں وہ کہتے ہیں کہ پی ٹی آئی کا بیانیہ ٹھیک ہے تو پھر آپ ہماری بھی مانیں۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں حکومت ہماری ہے اور ٹرانسفر پوسٹنگ کوئی اور کرتا ہے۔ہم تو کہتے ہیں کہ ایمرجنسی بھی لگا کر دیکھ لیں۔جنید اکبر کا کہنا تھا کہ جو ایمرجنسی لگاتا ہے وہ بھڑکیں نہیں مارتا ان کے وزراء روز چھ چھ پریس کانفرنسز کرتے ہیں۔دو تین ہفتوں سے سن رہے ہیں کہ ایمرجنسی لگ رہی ہے۔پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ہم اس کو سنجیدہ لیتے ہی نہیں۔یہ ہمیں ڈرانے کی کوشش کر رہے ہیں، اصل میں یہ خود ڈرے ہوئے ہیں۔اگر ہم اپنے ووٹ کا تحفظ کر سکتے ہیں تو اپنی حکومت کا بھی کرلیں گے۔جنید اکبر کا کہنا تھا کہ ہم جو کر رہے ہیں اس سے مطمئن ہیں اور ہم اس میں کامیاب ہیں۔پی ٹی آئی اگر تھکتی تو چار سال میں تھک جاتی، ہمارے کارکن تھکنے کا نام بھی نہیں لیتے۔ہم اپنے مرضی سے آئیں گے ہمیں پتہ ہے کب، کہاں اور کس راستے سے آنا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج بھی ہماری میٹنگ ہوئی کہ ہزارہ، صوابی یا نوشہرہ کی طرف سے آئیں۔پہلے جو دو مارچ کیے اس میں جو غلطیاں، خامیاں تھیں ان کو دور کرنے کی کوشش کی ہے۔ہم مشاورت اور پلاننگ کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں۔

**بقیہ 45**

پی آئی اے کے کال سینٹر 111- 786-786 پر رابطہ کریں۔انہوں نے کہا کہ پی آئی اے اس صورتحال کے باعث مسافروں کو پیش آنے والی زحمت پر معذرت خواہ ہے۔

**بقیہ 46**

واضح رہا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ چند ماہ کے دوران ایران اور یمن میں حوثیوں کے خلاف بڑے فوجی آپریشنز کی پانچ تجاویز مسترد کر چکے ہیں۔گزشتہ روز بھی امریکی صدر مڈٹرم الیکشنز سے پہلے ایران پر نئے حملے کے خدشات کو مسترد کرتے ہوئےکہا تھا کہ دونوں ممالک کے درمیان مثبت بات چیت جاری ہے۔

**بقیہ 47**

کے مطابق امریکا واپس آنے والے اہلکاروں نے اہلِ خانہ سے ملاقات اور تازہ کھانا کھانے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ایک اہلکار کی اہلیہ نے بتایا ہے کہ میرے شوہر نے جہاز پر خوراک کی قلت کا ذکر کیا تھا اور وہ 10ماہ بعد اپنی 4 سالہ بیٹی سے مل رہے ہیں۔واضح رہے کہ طویل تعیناتی کے دوران جہاز پر خوراک اور نہانے کی سہولتوں کی قلت، خراب حالات اور عملے کے بعض ارکان کی خودکشی کی کوششوں کی اطلاعات بھی سامنے آئی تھیں۔میڈیا رپورٹس میں دعوی کیا گیا تھا کہ طویل تعیناتی کے سبب امریکی بحریہ کی جنگی تیاری اور اہلکاروں کی ذہنی صحت صحیح نہیں۔اس پر امریکی وزیرِ دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے عملے کی تعریف کی تھی جبکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جہاز کے خراب حالات سے متعلق خبروں کو جعلی قرار دیا تھا۔دوسری جانب پیو ریسرچ سینٹر کے سروے کے مطابق 65 فیصد امریکی ایران جنگ سے متعلق ٹرمپ کی حکمتِ عملی سے ناخوش ہیں جبکہ 33 فیصد مطمئن ہیں، جنگ کے باعث آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کی آمدورفت متاثر ہونے سے مہنگائی کے خدشات بھی بڑھ گئے ہیں۔

**بقیہ 48**

کی بحالی کے لیے بھرپور اور نتیجہ خیز کوششیں جاری ہیں انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں کراچی میں تمام قانونی تقاضیکا غذی کارروائیاں اور طریقہ کار مکمل کر لیا گیا ہے اور معاملہ اب آخری اور فیصلہ کن مراحل میں داخل ہو چکا ہےحاجی غلام حسین کرد نے کہا کوچوں کے پرانے اسٹاپ کی بحالی کے لیے اسسٹنٹ کمشنر لیاری کی جانب سے مختیار کار لیاری، ٹاؤن میونسپل آفیسر اور ڈی ایس پی ٹریفک کو پارکنگ سائٹ کے تعین کے لیے باقاعدہ مراسلہ بھی جاری ہوچکا ہےانہوں نے کہا کہ ان شاءاللہ بہت جلد خضدار کے عوام اور ٹرانسپورٹرز کو اس حوالے سے بڑی خوشخبری سنائی جائے گی یہ بات سابق یوسی ناظم لیاری حاجی غلام حسین کرد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہاانہوں نے کہا کہ ہمیں خضدار کے تمام کوچ مالکان ڈرائیورز اور غریب مسافروں کا مکمل احساس ہے، اس وقت ہمارے مسافر یوسف گوٹھ میں دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں جہاں نہ کوئی سہولت ہے اور نہ شہر تک آسان رسائی ہےانہوں نے کہا کہ عوام کے اس دیرینہ مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرکے کوچوں کو دوبارہ ان کے پرانے مرکزی اسٹاپ لیمارکیٹ پر لایا جائے گا، جس سے ہزاروں مسافروں، مریضوں، طلبا اور ٹرانسپورٹرز کو براہ راست ریلیف ملے گا حاجی غلام حسین کرد نے اس پیش رفت پر ایم این اے لیاری سردار نبیل گبول، ایم پی اے یوسف بلوچ، چیئرمین لیاری ٹاؤن کمیٹی خلیل ہوت کا خصوصی شکریہ ادا کیاانہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر رہنما چیف آف جھالاوان و سابق وزیراعلی بلوچستان نواب ثنا اللہ خان زہری اور قبائلی شخصیت میر شفیق الرحمان مینگل ودیگر کی جانب سے بھی اس عوامی مسئلے کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد اور تعاون رہا ہے، امید ہے جلد یہ دیرینہ مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل ہوجائے گا۔

**بقیہ 49**

بھی متروکہ وقف املاک بورڈ کے رکن مقرر کیے گئے ہیں۔

**بقیہ 50**

کہ آئندہ آٹھ ماہ میں کاروباری معاملات کو آٹومیٹڈ نظام پر منتقل کیا جائے گا تاکہ مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کو تیز اور آسان بنایا جا سکے۔ان خیالات کا اظہار ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران اور ممبران کے ساتھ منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر مرزا خان خلجی، نائب صدر جنگیان دشتی اور دیگر عہدیداران نے مہمانوں کا خیرمقدم کیا اور انہیں بلوچستان کی کاروباری برادری کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں کاروبار، بالخصوص درآمدات و برآمدات، مشکل صورت حال سے دوچار ہیں۔مال بردار گاڑیوں کو جلائے جانے کے واقعات کے ساتھ ساتھ غیر ضروری چیک پوسٹوں اور بار بار چیکنگ کے باعث تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔چیمبر کے عہدیداران نے بتایا کہ مستونگ روڈ اور زیارت کراس کے مقامات پر محکمہ کسٹمز کی جانب سے ضبط کیا گیا اربوں روپے مالیت کا سامان اور گاڑیاں آتشزدگی کا شکار ہوئیں، تاہم متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی یا نقصان کے ازالے کے لیے تاحال کوئی موثر اقدام نہیں کیا جا سکا۔انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی تین ہزار سے ساڑھے تین ہزار مال بردار گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں، جن کی کلیئرنس کا عمل تیز کرنے کے ساتھ ضبط شدہ سامان کی جلد نیلامی کے احکامات پر عمل درآمد ضروری ہے۔اس موقع پر چیف کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ (آپریشنز) محمد جمیل ناصر خان نے کہا کہ کسی بھی صورت قانونی تجارت پر قدغن نہیں لگنے دی جائے گی، کیونکہ قانونی تجارتی سرگرمیوں سے ملک اور صوبے کو ریونیو حاصل ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسمگلنگ میں ملوث عناصر قانونی تجارت سے وابستہ افراد کے لیے مشکلات پیدا کر رہے ہیں۔جہاں اسمگلنگ کی سرگرمیاں ہوں گی، وہاں چیکنگ ضرور کی جائے گی، تاہم اسمگلنگ کی آڑ میں کسی کو بلاوجہ تنگ کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔انہوں نے کہا کہ ضبط شدہ سامان کی نیلامی کے احکامات پہلے ہی جاری کیے جا چکے ہیں اور اب اس عمل کو مزید تیز کیا جارہاہے۔شہر کے اندر دو ویئر ہاسز قائم کرنے کا انتظام کیا جار ہا ہے، جنہیں ڈیڑھ ماہ کے اندر فعال کرنے کی کوشش کی جائے گی۔محمد جمیل ناصر خان نے مزید بتایا کہ سنٹرل اسسمنٹ یونٹ میں بلوچستان کے کیسز کی خصوصی جانچ پڑتال روزانہ شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک کی جائے گی۔آئندہ آٹھ ماہ کے دوران کاروباری امور کو خودکار نظام پر منتقل کرنے کا منصوبہ ہے، جس سے مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کا عمل تیز اور آسان ہوگا۔انہوں نے ویئر ہاسز میں سامان جلنے کے واقعات سے متعلق جاری انکوائریوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تحقیقات مکمل ہونے کے بعد معاوضوں کی ادائیگی اور دیگر معاملات کے لیے فریم ورک پالیسی پر کام متوقع ہے۔انہوں نے کسٹمز ڈیوٹی اور دیگر متعلقہ امور پر چیمبر کی تجاویز کا خیرمقدم کرتے ہوئے انہیں ترجیح دینے کی یقین دہانی بھی کرائی۔اجلاس کے اختتام پر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کی جانب سے مہمان کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔

**بقیہ 51**

کیا گیا اور نہ ہی دستاویز میں کوئی اضافی افادیت شامل ہوئی۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خطرے کے خاتمے کے لئے مجوزہ ادارہ رکن ممالک کی قیادت میں انسداد دہشت گردی حکمتِ عملی کے چاروں ستونوں پر متوازن عمل درآمد کی نگرانی کرے اور حکمتِ عملی کے مقاصد کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے میں مدد دے۔پاکستان کے مستقل مندوب کا کہنا ہے کہ عالمی انسداد دہشت گردی کی حکمتِ عملی کی 20ویں سالگرہ پر قرارداد کو ووٹنگ کے لئے پیش کرنا پڑا۔ان کا کہنا ہے کہ جنرل اسمبلی کے تحت ایک ذیلی ادارہ قائم کرنے کی اپنی تجویز کا اعادہ کرتے ہیں،

# حرمین شریفین کے تقدس کا تحفظ ہر حال میں یقینی بنایا جانا چاہیے، پاکستان

پاکستان کا مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودیہ کے ساتھ کھڑا ہے: افغانستان سے پھیلنے والی دہشتگردی ہمسایہ ممالک خصوصاً پاکستان کیلئے سنگین خطرہ ہے

امریکا اور ایران کے درمیان 7 نکات پر بات چیت جاری ہے، امریکا نے بھی ایران کے 7 نکات پر اپنا موقف شیئر کیا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (اے این این) ترجمان دفتر خارجہ [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

## صحبت پور، جمعہ کے مبارک اجتماع پر سکیورٹی کے سخت انتظامات

مساجد اور امام بارگاہوں پر پولیس اہلکار تعینات اور گشت میں اضافہ

صحبت پور (یواین اے) صحبت پور سمیت پورے ضلع میں جمعہ کے بابرکت اجتماع کے موقع پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور کسی بھی ممکنہ ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے سکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے ہیں، اور ضلعی پولیس کی اضافی نفری مساجد اور امام (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

## ریاض ایئرپورٹ پر حملے میں سعودیہ ایئرلائنز کا پائلٹ بھی جاں بحق ہوا، حکام کی تصدیق

پہلے حملے میں ایئرپورٹ کی تنصیبات جبکہ دوسرے حملے میں سعودیہ ایئرلائنز کے ایک طیارے کو نشانہ بنایا گیا، عرب نیوز

ریاض (اے این این) سعودی عرب کی سول ایوی ایشن اتھارٹی نے ریاض ایئرپورٹ پر دو حملوں کے نتیجے میں سعودیہ ایئرلائنز کے پائلٹ سمیت 3 افراد کی ہلاکت اور متعدد کے زخمی ہونے کی تصدیق کردی۔ سعودیہ ایئرلائنز نے اپنے بیان میں پائلٹ کیپٹن حمود علی الکلثمی (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

# تحریک انصاف دہشتگردوں سے تعلقات کی وضاحت کرے، طارق فضل

پی ٹی آئی لانگ مارچ ڈیل کرنے کے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں اگر ایمرجنسی کا نفاذ ہوتا ہے تو اسکا لانگ مارچ سے کوئی تعلق نہیں، وفاقی وزیر

ایمرجنسی کا ممکنہ نفاذ صوبائی حکومت کا دہشتگردی کے خلاف جنگ میں عدم تعاون ہوگا، حکومت کا پی ٹی آئی سے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کو ہٹانے کا مطالبہ

اسلام آباد (اے این این) [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

## کرک میں خوارج کی فائرنگ سے شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا

وزیراعلیٰ کے پی اور صوبائی حکومت کا کوئی نمائندہ نماز جنازہ میں شریک نہیں ہوا

پشاور (اے این این) [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

### ان میں جرات ہے تو صوابی کراس کرکے دکھائیں، نہ تاگ جائے گا، فیصل کریم کنڈی

پشاور (اے این این) [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

## بندوق کے زور پر مذاکرات کریں گے نہ مانیں گے، جنید اکبر

ایجنسی سے متعلق وفاقی وزرا کی باتوں کو ہم سنجیدہ نہیں لیتے ہیں، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما جنید اکبر نے کہا ہے کہ قیادت کے ساتھ بیٹھ کر بات کریں ثابت کریں کہ ہم غلط ہیں تو معافی مانگیں گے اور آپ کے ساتھ کھڑے ہوجائیں گے۔ نجی ٹی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے جنید اکبر نے کہا کہ بندوق کے زور پر نہ ہم مذاکرات کریں گے اور نہ مانیں گے۔ زبردستی کوئی ہمیں مذاکرات کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

## پینٹاگون کا ایران پر نئے حملوں کا منصوبہ

میزائل اور ڈرون ذخائر اور توانائی تنصیبات کو نشانہ بنایا جاسکتا ہے، امریکی اخبار

[illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

### پی ٹی آئی، ایران کے خلاف آپریشن عارضی طور پر معطل

[illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

### مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، عالمی منڈی میں خام تیل مزید مہنگا

واشنگٹن (اے این این) [illegible] ... خدشات ... تیل کی ... 4 فیصد ... تیل کے ... 4.08 ڈالر، یعنی 4.1 فیصد اضافے کے بعد 104.28 ڈالر فی بیرل ہوگئی (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

## ایران جنگ میں حصہ لینے والے یو ایس ایس ابراہم لنکن کی 322 روز بعد امریکا واپسی

65 فیصد امریکی ایران جنگ سے متعلق ٹرمپ کی حکمتِ عملی سے ناخوش: 33 فیصد مطمئن ہیں، سروے رپورٹ

واشنگٹن (اے این این) امریکی طیارہ بردار جہاز یو ایس ایس ابراہم لنکن مشرق وسطی میں 322 روزہ تعیناتی کے بعد کیلیفورنیا واپس پہنچ گیا، جہاز کا عملہ مسلسل 265 دن سمندر میں رہا اور ایران کے خلاف امریکی و اسرائیلی جنگ میں حصہ لیتا رہا۔ عالمی میڈیا کی رپورٹس (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

### وفاقی کابینہ کی تین سال کیلئے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو کی منظوری

اسلام آباد (اے این این) [illegible] ... سال کیلئے ... منظوری ... سیکریٹری ... بورڈ میں ... امورکی ... گے۔ متر... اراکین ... رہنما اقلیت (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

## کراچی لی مارکیٹ میں کوچز کے پرانے اسٹاپ کی بحالی کا عمل آخری مرحلے میں داخل

مسافروں کو یوسف گوٹھ کی پریشانیوں سے نجات دلانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کر لیے گئے ہیں، پیپلز پارٹی رہنما

خضدار (یواین اے) پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق یوسی ناظم لیاری حاجی غلام حسین کردنے کہا ہے کہ خضدار ٹرانسپورٹروں کے لیے کراچی لی مارکیٹ میں کوچز کے پرانے اسٹاپ (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

اسلام آباد: [illegible]

اسلام آباد: [illegible]

# امریکا واسرائیل کی دہشتگردی کے خاتمے کی قرارداد کی مخالفت، پاکستان کا اظہارِ افسوس

## پاکستان امید تھی عالمی انسدادِ دہشت گردی کی حکمتِ عملی میں اوآئی سی کے اہم تحفظات کو شامل کیا جائے گا، لیکن ایسا نہیں ہوا

جائزے میں نہ توان تحفظات کو دور کیا گیا اور نہ ہی دستاویز میں کوئی اضافی افادیت شامل ہوئی، عاصم افتخار

نیویارک (اے این این) پاکستان نے اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کی کمیٹی میں بین الاقوامی دہشت گردی کے خاتمے کے اقدامات کی قرارداد پر امریکا اور اسرائیل کی طرف سے مخالفت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اقوامِ متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ نویں جائزے پر اتفاق رائے نہ ہو پانا افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان کو امید تھی کہ عالمی انسدادِ دہشت گردی کی حکمتِ عملی میں اسلامی تعاون تنظیم (اوآئی سی) کے اہم تحفظات کو شامل کیا جائے گا، لیکن ایسا نہیں ہوا۔ عاصم افتخار کا کہنا ہے کہ جائزے میں نہ تو ان تحفظات کو دور (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

## پاکستان دنیا کے ان چار ممالک میں شامل جہاں غربت سب سے زیادہ ہے، مالک بلوچ

وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کر کے پسماندگی کا خاتمہ اور نوجوانوں کو روزگار دینا ہوگا، سربراہ نیشنل پارٹی

کوئٹہ (یواین اے) نیشنل پارٹی کے سربراہ اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت دنیا کے ان چار ممالک میں شامل ہوگیا ہے جہاں غربت کی شرح سب سے زیادہ ہے، جبکہ بلوچستان ملک کا سب سے زیادہ غریب صوبہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو غربت، بے روزگاری اور معاشی مشکلات جیسے سنگین مسائل کا (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

## قانونی تجارت کی راہ میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی، محمد جمیل ناصر

ضبط شدہ سامان کی نیلامی کا عمل تیز کیا جارہا ہے آئندہ آٹھ ماہ میں کاروباری معاملات آٹومیٹڈ نظام پر منتقل ہوں گے

کوئٹہ (یواین اے) چیف کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ (آپریشنز) اسلام آباد محمد جمیل ناصر خان نے کہا ہے کہ قانونی تجارت کی راہ میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی، ضبط شدہ سامان کی نیلامی کا عمل تیز کیا جارہا ہے جبکہ سنٹرل اسسمنٹ یونٹ میں بلوچستان کے کیسز کی جانچ پڑتال کے لیے روزانہ شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک خصوصی وقت مختص کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

## جے یو آئی ضلع کوئٹہ کے زیرِ اہتمام شہر میں بدامنی، منشیات اور فحاشی کیخلاف امن ریلی

چیک پوسٹوں پر شہریوں کی ہراسانی اور گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ فوری بند کی جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یواین اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی قیادت میں شہر میں بڑھتی ہوئی بدامنی، قتل و غارت گری، ٹارگٹ کلنگ، چوری، ڈکیتی، منشیات فروشی، فحاشی و عریانی اور دیگر جرائم کے خلاف عظیم الشان امن ریلی نکالی گئی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

## کوئٹہ، موسم کی اچانک تبدیلی اور سرد ہواؤں کے باعث موسمی بیماریوں میں اضافہ

طویل خشک سالی اور سرد ہواں سے نزلہ، زکام اور گلے کے امراض پھیل گئے، بچوں اور بزرگوں کے لیے خصوصی احتیاط کی ہدایت

کوئٹہ (یواین اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں موسم کی اچانک تبدیلی، خشک موسم اور سرد ہواں کے باعث موسمی بیماریوں نے شہریوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، جس کے نتیجے میں سرکاری و نجی اسپتالوں میں مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا ہے۔ طویل عرصے سے بارشیں نہ ہونے کے باعث شہر میں خشک موسم کی شدت برقرار ہے، جبکہ سرد ہواں اور درجہ حرارت (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

### جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوجی ہلاک، 3 اہلکار زخمی

بیروت (اے این این) جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوجی ہلاک جبکہ 3 اہلکار زخمی ہوگئے۔ اسرائیلی فوج کے مطابق ہلاک اہلکار کی شناخت 21 سالہ کیپٹن ایلیا وحائم کے نام سے ہوئی، جنگ بندی کے بعد جنوبی لبنان میں 17 فوجی ہلاک ہوچکے۔ اسرائیل اور لبنان کے درمیان مجوزہ فریم ورک معاہدے پر بات چیت جاری ہے، مجوزہ معاہدے میں حزب اللہ کو غیر مسلح کرنے کی تجویز شامل ہے۔ اسرائیلی فوج کے مرحلہ وار انخلا کی (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

## حکومت معذور افراد کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، ولی نورزئی

پچھلے 70 سالوں میں جو کام نہیں ہوئے وہ موجودہ حکومت میں ہو رہے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (یواین اے) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس کے دوران معذور افراد سے متعلق پیش کی گئی قرارداد پر بحث میں (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

### ایرانی تیل کی تجارت پر امریکا کی نئی پابندیاں، 5 بھارتی شہری بھی شامل

دبئی (اے این این) امریکا نے ایران سے تیل اور پیٹروکیمیکل مصنوعات کی تجارت کے خلاف نئی پابندیاں عائد کردیں۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق امریکا کی جانب سے متحدہ عرب امارات، بھارت، ترکیہ، ایران اور برطانیہ سے وابستہ کمپنیوں، افراد اور بحری جہازوں پر پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔ ان پابندیوں میں 5 بھارتی شہری شامل ہیں، بھارتی شہری دھوانی ٹھاگ وورا، ٹھارگ سمیر وورا، بھارتی کمپنی ایس ایس (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

## پورے ملک فسطائیت راج ہم انہیں کہتے ہیں ہوش کے ناخن لیں، سلمان اکرم راجہ

کوئی ایسا معاہدہ نہیں کریں گے جو بے اصولی پر مبنی ہو، ہر مصیبت جھیلنے کو تیار مگر اصولوں سے دستبرداری اختیار نہیں کریں گے

لاہور (اے این این) پی ٹی آئی جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ کوئی ایسا معاہدہ نہیں کریں گے جو بے اصولی پر مبنی ہو، ہم نے بار بار کہا کہ عوام کا خون ہمارے لئے مقدم ہے، ایسے لائحہ عمل کا حصہ نہیں بنیں گے جس سے بیگناہوں کا لہو بہے۔ لاہور ہائیکورٹ آمد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ کا کہنا تھا بے گناہوں کو بے گھر نہیں ہونے دیں گے، ہر مصیبت جھیلنے (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

## وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، علی امین گنڈاپور اور اسد قیصر سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت

آئندہ سماعت پر تیاری کرکے آئیں، مزید مہلت نہیں دی جائے گی اور کیسز کا فیصلہ کیا جائے گا، پشاور ہائی کورٹ

پشاور (جی این ایم) پشاور ہائیکورٹ میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور، پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر اور صوبائی وزرا سمیت دیگر کی 27 درخواستوں پر سماعت ہوئی جسٹس اعجاز انور کی سربراہی میں تین رکنی لارجر بنچ نے درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت علی زمان ایڈووکیٹ نے کہا کہ اس کیس میں جو وکیل تھے، وہ اب ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

## چھتر، مفرور ملزم کے گھر چھاپہ مار کر چوری شدہ سرکاری کلاشنکوف اور 30 زندہ کارتوس برآمد

ایس ڈی پی او چھتر اور ایس ایچ او میر حسن شاہن خان سولنگی کی سربراہی میں چھاپہ، ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں تیز

چھتر (یواین اے) میر حسن پولیس کی کارروائی، چوری شدہ سرکاری کلاشنکوف اور 30 زندہ کارتوس برآمد مفرور ملزم کے گھر پر چھاپہ، گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں، (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

### ضلع خیبر میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید

خیبر (اے این این) ضلع خیبر کی تحصیل جمرود میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ تھانہ جمرود کی حدود جلال دین میں پیش آیا جہاں پولیس اہلکار کامران اپنی رہائش گاہ سے ڈیوٹی کے لیے جا رہا تھا کہ نامعلوم افراد نے اس پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں وہ موقع پر شہید ہوگیا جب کہ فائرنگ کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہوگئے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

### کراچی، ایف آئی اے کی کارروائی میں ملزم غیر ملکی کرنسی اور اہم شواہد سمیت گرفتار

کراچی (اے این این) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے کراچی میں غیرقانونی ہنڈی حوالہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو غیرملکی کرنسی اور اہم شواہد سمیت گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ایف آئی اے سی بی سی کراچی کی ٹیم نے کارروائی کی۔ اس دوران ملزم کے قبضے سے ایسے موبائل فونز برآمد ہوئے جن میں مبینہ ہنڈی حوالہ اور غیر قانونی (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

کراچی/گوادر جامعہ گوادر کے پرووائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد پاک چین تعلقات اور عالمی طرزِ حکمرانی کے موضوع پر منعقدہ سیمینار میں شریک ہیں

## پی ٹی آئی لانگ مارچ کا تین روزہ شیڈول جاری، پشاور سے چارسدہ روانگی 9 اکتوبر کو ہوگی

10 اکتوبر کو وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی قیادت میں مارچ مردان پہنچے گا، جبکہ 11 اکتوبر کو صوابی روانگی ہوگی

پشاور (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے لانگ مارچ کا تین روزہ شیڈول جاری کر دیا، جس کے مطابق مارچ آج 9 اکتوبر کو پشاور سے چارسدہ روانہ ہوگا۔ پی ٹی آئی ترجمان کے مطابق لانگ مارچ کے شرکا آج پشاور سے چارسدہ پہنچیں گے، جہاں رات قیام کیا جائے گا۔ 10 اکتوبر کو وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی قیادت میں لانگ مارچ مردان پہنچے گا، جبکہ 11 اکتوبر کو قافلہ صوابی کے لیے روانہ ہوگا۔ ترجمان نے بتایا کہ لانگ مارچ کے شرکا صوابی میں رات قیام کریں گے، جس کے بعد مارچ کے اگلے لائحہ عمل کا فیصلہ کیا جائے گا۔ پی ٹی آئی کی جانب سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق آئندہ تین روز کے دوران مختلف شہروں میں مارچ کے قیام اور نقل و حرکت کا منصوبہ ترتیب دیا گیا ہے۔ پارٹی قیادت کی جانب سے اگلے مرحلے کے (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

### بلوچستان اکیڈمی فار کالج ٹیچرز (BACT) ممبران کا نیب کمپلیکس بلوچستان کا مطالعاتی دورہ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اکیڈمی فار کالج ٹیچرز (BACT)، کوئٹہ کے تربیتی شرکاء پر مشتمل ایک وفد نے آج آگاہی اور تعارفی پروگرام کے سلسلے میں NAB کمپلیکس کوئٹہ کا مطالعاتی دورہ کیا اور آگاہی سیشن میں شرکت کی۔ وفد کا ڈائریکٹر آگاہی و انسدادِ بدعنوانی، جناب محمد سلیم احمد اور ان کی ٹیم نے ڈائریکٹر جنرل NAB بلوچستان کی جانب سے پرتپاک استقبال (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

## جمعیت نظریاتی پاکستان کا سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے حملے کی شدید مذمت کا اعلان

عالم اسلام کے حکمران سعودی عرب کی سلامتی اور دفاع کے لیے مشترکہ عسکری فورس تشکیل دیں، مرکزی قیادت کا مشترکہ اعلامیہ

کوئٹہ (یواین اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، صوبائی امیر خیبر پختونخوا مولانا قاضی گل الرحمٰن نکیال، صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہراللہ، صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

### پنجگور، فائرنگ سے پنجگور کے معروف تاجر حاجی سمیع اللہ بلوچ جاں بحق

پنجگور (یواین اے) افسوسناک خبر ضلع واشک کے علاقے بسیمہ کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے پنجگور کے معروف تاجر جاں بحق اطلاع کے مطابق پنجگور سے تعلق رکھنے والے معروف تاجر حاجی سمیع اللہ بلوچ بسیمہ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے جاں بحق ہوگئے واقعہ ضلع واشک کیعلاقے بسیمہ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے جاں بحق ہوگئے۔

## لاہور ہائیکورٹ، عظمٰی خان اور نورین نیازی کو سہولیات کے حوالے سے رپورٹ طلب

کپڑے، دوائیاں دیں، باہر جا کر کہا کچھ نہیں دیا، جسٹس عبہر گل کے ریمارکس، سماعت 12 اکتوبر تک ملتوی

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیراعظم عمران خان کی بہنوں نورین نیازی اور عظمٰی خان کو جیل میں ادویات، کپڑوں سمیت دیگر سہولیات کے حوالے سے رپورٹ طلب کرلی عمران خان کی بہنوں علیمہ خان، عظمٰی خان اور نورین نیازی کی نظر بندی کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس عبہر گل خان نے علیمہ خان کے بیٹے شاہ ریز کی درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار کی جانب سے وکیل رانا مدثر عمر پیش ہوئے جسٹس عبہر گل نے ریمارکس دیئے کہ آپ کو کپڑے بھی دیئے اور دوائیاں بھی دیں لیکن باہر جا کر آپ نے کہا کچھ نہیں دیا وکیل درخواست گزار رانا مدثر عمر نے بتایا کہ میں نے کہا کہ عدالتی حکم پر دیئے ہم نے نورین نیازی اور عظمٰی کو دوائیاں، کپڑے سمیت دیگر بنیادی ضروریات فراہم کرنے کی متفرق درخواستیں کی ہیں نورین نیازی کو بھی کتابیں (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

## کوہلو: ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز ڈاکٹر محمد سلیم زرکون کی زیرِ صدارت اجلاس

ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز کی سامان اور ریکارڈ کی تصدیق یقینی بنانے کی ہدایت

کوہلو (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور محکمہ اسکولز ایجوکیشن کی ہدایات کے تحت ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز کوہ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر محمد سلیم زرکون کی (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

### جھل مگسی، گنداواہ سے کوٹڑہ جانے والے پانچ مقامی افراد مبینہ طور پر اغوا

جھل مگسی (یواین اے) گنداواہ سے مگسی برادری سے بتایا جارہے ہیں کوٹڑہ تھانہ کے نزدیک جاتے ہوئے پانچ مقامی افراد مبینہ طور پر اغوا پولیس ذرائع کے مطابق جھل مگسی سے کوٹڑہ کی جانب جانے والے پانچ مقامی افراد کو نامعلوم مسلح افراد مبینہ طور پر اغوا کرکے اپنے ساتھ لے گئے ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر علاقے میں تشویش پائی جاتی ہے۔ مغوی افراد کی شناخت، اغوا کی وجوہات اور ملزمان کے حوالے سے تاحال مزید تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ واقعے سے (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

## کوہلو، زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن فنڈز میں 20 لاکھ روپے کی خرد برد کا انکشاف

تحصیلدار اور پولیس اہلکار سمیت تین افراد پر فراڈ کا الزام، رقوم خاتون کے اکاؤنٹ میں منتقل کرنے کا دعویٰ

کوہلو (یواین اے) کوہلو کے علاقے تمبو سے تعلق رکھنے والے شہری میر علی قلندرانی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن کے لیے ان کے دادا کے نام پر منظور ہونے والے 20 لاکھ روپے کے ریلیف میں مبینہ بے ضابطگی اور خرد برد (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

### وزیراعظم کی جنوبی ایشیا میں امن کے لیے امریکی صدر کے کردار کی تعریف

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم شہباز شریف نے جنوبی ایشیا میں امن کے فروغ میں ڈونلڈ ٹرمپ کے تاریخی کردار کو سراہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنوبی ایشیا میں امن کے فروغ میں تاریخی کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ صدر ٹرمپ کی بروقت مداخلت نے پاکستان اور بھارت کو جنگ کے دہانے سے واپس لانے میں مدد دی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

کوئٹہ، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ اسمبلی اجلاس میں مشترکہ قرارداد پیش کر رہی ہیں

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اسمبلی اجلاس کے دوران گفتگو کررہے ہیں

## لاہور ہائیکورٹ، عظمٰی خان اور نورین نیازی کو سہولیات کے حوالے سے رپورٹ طلب

کپڑے، دوائیاں دیں، باہر جا کر کہا کچھ نہیں دیا، جسٹس عبہر گل کے ریمارکس، سماعت 12 اکتوبر تک ملتوی

لاہور (اے این این) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی بہنوں نورین نیازی اور عظمٰی خان کو جیل میں ادویات، کپڑوں سمیت دیگر سہولیات کے حوالے سے رپورٹ طلب کر لی۔ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں علیمہ خان، عظمٰی خان اور نورین نیازی کی نظر بندی کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس عبہر گل خان نے علیمہ خان کے بیٹے شاہ ریز کی درخواست پر سماعت کی (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

## وزیراعظم آفس اور وزارتِ داخلہ کے نام پر جعلسازی کے کیس میں ملزم کی ضمانت خارج

ملزم کے قبضے سے جعلی کارڈز، اتھارٹی لیٹرز و دیگر دستاویزات برآمد ہوئی تھیں، ایف آئی اے

اسلام آباد (اے این این) وفاقی دارالحکومت کی عدالت نے وزیراعظم آفس اور وزارتِ داخلہ کے نام پر جعلسازی کے کیس میں ملزم رحمت شاہ کی درخواست ضمانت خارج کردی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چوہدری عامر ضیا نے درخواست ضمانت پر فیصلہ سنایا۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم کے قبضے سے وزارتِ داخلہ کے میمورنڈم، جعلی کارڈز، اتھارٹی لیٹرز اور گاڑیوں کی جعلی رجسٹریشنز برآمد ہوئیں۔ جج عامر ضیا نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ ایسے مقدمات میں ملزم حق کے طور پر ضمانت کا دعویٰ نہیں کرسکتا۔ عدالت نے کہا کہ مدعی مقدمہ کی ملزم کے خلاف کوئی ذاتی عناد ظاہر نہیں ہوتی، جوڈیشل مجسٹریٹ کی جانب سے درخواست ضمانت خارج کرنے کا فیصلہ برقرار رکھا جاتا ہے۔

### سہیل آفریدی کے حوالے سے وائرل آڈیو بیان اصلی ہے، ترجمان علی امین گنڈاپور

لاہور (اے این این) ترجمان علی امین گنڈاپور فراز مغل نے تصدیق کی ہے کہ سہیل آفریدی کے حوالے سے وائرل آڈیو بیان اصلی ہے۔ گزشتہ روز آڈیو پیغام میں علی امین نے کہا تھا کہ وزیراعلیٰ صاحب، میڈ ان چائنہ ٹیپو سلطان صاحب اپنی زبان کو لگام دو، اس طرح کی فضول باتیں مت کیا کرو۔ علی امین گنڈاپور نے کہا تھا کہ بشریٰ بی بی سے بیٹی کی ملاقاتیں بھی تم نے بند کروائی ہیں، تم نے فلکسز کی ہوئی تھی، اگر میں نے ریکارڈ نکالا اور بولا تو منہ دکھانے کے نہیں رہوگے۔

## سونا مہنگا ہوگیا؛ عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت بڑھ گئی

عالمی مارکیٹ میں سونا 59 ڈالر فی اونس اور مقامی سطح پر 5900 روپے فی تولہ مہنگا ہوگیا

کراچی (اے این این) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمتوں میں اضافہ ہوگیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں جمعہ کے روز سونے کی قیمتوں میں 59 ڈالر فی اونس کا اضافہ ریکارڈ ہوا، جس کے نتیجے میں نئی عالمی قیمت 4 ہزار 184 ڈالر فی اونس کی سطح پر آ گئی۔ عالمی مارکیٹ کے زیراثر مقامی صرافہ بازاروں میں بھی آج کاروباری ہفتے کے پانچویں روز فی تولہ سونے کی قیمت میں 5 ہزار 900 روپے کا اضافہ ریکارڈ ہوا، جس کے نتیجے میں نئی قیمت 4 لاکھ 40 ہزار (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

## نیشنل پارٹی کی حاجی سمیع اللہ کے قتل کی شدید مذمت

قاتلوں کو فوری گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، ملی رہنماؤں کا مطالبہ

پنجگور (یواین اے) نیشنل پارٹی کے رہنما و رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ اور نیشنل پارٹی کے رہنما و رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ نے انجمن تاجران پنجگور کے سابق چیئرمین اور معروف تاجر حاجی سمیع اللہ کو بسیمہ اور ناگ، ضلع واشک کے درمیان فائرنگ کرکے قتل کیے جانے کے افسوسناک واقعے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اس کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں دونوں رہنماں نے کہا کہ حاجی سمیع اللہ ایک معروف تاجر اور سماجی شخصیت تھے۔ ان کا اس طرح قتل کیا جانا نہایت افسوسناک اور قابلِ مذمت واقعہ ہے۔ اس اندوہناک سانحے سے مرحوم کے اہلِ خانہ، عزیز و اقارب، تاجر برادری اور اہلِ پنجگور کو شدید صدمہ پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں تاجروں، مسافروں اور عام شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ایک سنگین مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ شاہراہوں پر شہریوں کو نشانہ بنانے کے واقعات عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

### صدرِ مملکت کا 7 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرنے پر سکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کو سراہا۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ دہشتگردوں کے غیرملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

کوئٹہ، ڈاک کے عالمی دن کے موقع پر پوسٹ ماسٹر جنرل ضیاء الحق رانجھا تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# پی ٹی آئی سے مذاکرات میں بڑے بریک تھرو کی زیادہ امید نہیں، رانا ثنا اللہ

صورتحال اتنی پیچیدہ بھی نہیں کہ بات چیت کا راستہ مکمل طور پر بند ہوجائے، رابطے جاری ہیں، وزیراعظم کے مشیر

حکومت مذاکرات کے امکانات کا جائزہ لینے کے ساتھ لانگ مارچ کی صورتحال بھی دیکھ رہی ہے، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات میں فی الحال کسی بڑے بریک تھرو کی زیادہ امید نہیں تاہم حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان صورتحال اتنی پیچیدہ بھی نہیں کہ بات چیت کا راستہ مکمل طور پر بند ہوجائے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات ختم ہونے کے بعد بھی رابطے رہے ہیں، محسن نقوی کے پی ٹی آئی رہنماؤں سے رابطے ہیں جبکہ گوہر خان، عامر ڈوگر اور اسد قیصر سے بھی فون پر بات چیت ہوتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا اپنا سیاسی موقف ہے اور حکومت کا اپنا موقف، تاہم کسی سمجھوتے یا مفاہمت کے بغیر مذاکرات دوبارہ شروع کرنا زیادہ مفید نہیں ہوگا، اگر کسی معاملے پر مفاہمت (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

# عوامی مسائل کا حل ہماری سیاست کا بنیادی مقصد ہے، زرک مندوخیل

عوامی مسائل کے حل میں رنگ، نسل، زبان اور طبقے کی بنیاد پر کسی قسم کی تفریق نہیں ہونی چاہیے، کیونکہ منتخب نمائندے کی ذمہ داری تمام شہریوں کی خدمت کرنا ہے

بلوچستان کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ تمام سیاسی قوتیں عوامی مفادات کو مقدم رکھیں اور اختلافات سے بالاتر ہوکر صوبے کے مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں کریں

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی خدمت، حلقے کے مسائل کا حل اور علاقے کی ترقی ان کی سیاسی جدوجہد کا بنیادی مقصد ہے۔ عوام نے اپنے نمائندوں کو اس امید کے ساتھ منتخب کیا ہے کہ وہ ان کے مسائل کو متعلقہ فورمز پر اجاگر کریں گے اور ان کے حل کے لیے عملی کردار ادا کریں گے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندگی ایک اہم ذمہ داری ہے جس کا تقاضا ہے کہ لوگوں کے مسائل کو توجہ سے سنا جائے اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے مسلسل رابطہ رکھا جائے۔ عوام کو درپیش مشکلات، بنیادی سہولیات کی کمی اور روزمرہ زندگی کے مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب آئینی اور جمہوری ذرائع بروئے کار لائے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)